سَيَقُولُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِىْ

الَّتِىْ	قِبْلَتِهِمُ	عَنْ	وَلّٰىهُمْ	مَا	النَّاسِ	مِنَ	السُّفَهَآءُ	سَيَقُولُ
وہ جس	ان کا قبلہ	سے	انہیں (مسلمانوں کو) پھیر دیا	کس	لوگ	سے	بیوقوف	اب کہیں گے

اب بیوقوف کہیں گے کہ مسلمانوں کو کس چیز نے اس قبلہ سے پھیر دیا وہ جس

كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ الْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِىْ مَنْ يَّشَآءُ

مَنْ يَّشَآءُ	يَهْدِىْ	وَالْمَغْرِبُ	الْمَشْرِقُ	لِلّٰهِ	قُلْ	عَلَيْهَا	كَانُوْا
جس کو چاہتا ہے	وہ ہدایت دیتا ہے	اور مغرب	مشرق	اللہ کیلئے	آپ کہدیں	اس پر	وہ تھے

پر تھے؟ آپ کہدیں کہ مشرق اور مغرب اللہ (ہی) کا ہے، وہ جس کو چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا

لِتَكُوْنُوْا	وَّسَطًا	اُمَّةً	جَعَلْنٰكُمْ	وَكَذٰلِكَ	مُّسْتَقِيْمٍ	صِرَاطٍ	اِلٰى
تاکہ تم ہو	معتدل	امت	ہم نے تمہیں بنایا	اور اسی طرح	سیدھا	راستہ	طرف

سیدھے راستہ کی طرف۔ اور اسی طرح ہم نے تمہیں معتدل امت بنایا تاکہ تم ہو

شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ وَمَا جَعَلْنَا

وَمَا جَعَلْنَا	شَهِيْدًا	عَلَيْكُمْ	الرَّسُوْلُ	وَيَكُوْنَ	النَّاسِ	عَلَى	شُهَدَآءَ
اور نہیں مقرر کیا ہم نے	گواہ	تم پر	رسول	اور ہو	لوگ	پر	گواہ

لوگوں پر گواہ، اور رسول تم پر گواہ ہوں، اور ہم نے مقرر نہیں کیا تھا

الْقِبْلَةَ الَّتِىْ كُنْتَ عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ

يَّنْقَلِبُ	مِمَّنْ	الرَّسُوْلَ	يَّتَّبِعُ	مَنْ	لِنَعْلَمَ	اِلَّا	عَلَيْهَآ	كُنْتَ	الَّتِىْ	الْقِبْلَةَ
پھر جاتا ہے	اس سے جو	رسول	پیروی کرتا ہے	کون	تاکہ ہم معلوم کرلیں	مگر	اس پر	آپ تھے	وہ جس	قبلہ

وہ قبلہ جس پر آپ تھے، مگر (اسلئے) تاکہ ہم معلوم کرلیں کون رسول کی پیروی کرتا ہے اس شخص سے جو پھر جاتا ہے

عَلٰى عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ

اللّٰهُ	هَدَى	الَّذِيْنَ	عَلَى	اِلَّا	لَكَبِيْرَةً	كَانَتْ	وَاِنْ	عَقِبَيْهِ	عَلٰى
اللہ	ہدایت دی	جنہیں	پر	مگر	بھاری بات	یہ تھی	اور بیشک	اپنی ایڑیاں	پر

اپنی ایڑیوں پر (الٹے پاؤں)، اور بیشک یہ بھاری بات تھی مگر ان پر (نہیں) جنہیں اللہ نے ہدایت دی

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾

وَمَا كَانَ	اللّٰهُ	لِيُضِيْعَ	اِيْمَانَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	بِالنَّاسِ	لَرَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ
اور نہیں	اللہ	کہ وہ ضائع کرے	تمہارا ایمان	بیشک	اللہ	لوگوں کے ساتھ	بڑا شفیق	رحم کرنے والا

اور اللہ (ایسا) نہیں کہ تمہارا ایمان ضائع کردے، بیشک اللہ لوگوں کے ساتھ بڑا شفیق، رحم کرنے والا ہے۔

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِى السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۠

قَدْ نَرٰى	تَقَلُّبَ	وَجْهِكَ	فِى	السَّمَآءِ	فَلَنُوَلِّيَنَّكَ	قِبْلَةً	تَرْضٰىهَا
ہم دیکھتے ہیں	بار بار پھرنا	آپ کا منہ	میں (طرف)	آسمان	تو ضرور ہم پھیر دینگے آپ کو	قبلہ	اسے آپ پسند کرتے ہیں

ہم دیکھتے ہیں بار بار آپ کا منہ آسمان کی طرف پھرنا، تو ضرور ہم آپ کو اس قبلہ کی طرف پھیر دیں گے جسے آپ پسند کرتے ہیں،

فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا

فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَحَيْثُ مَا	كُنْتُمْ	فَوَلُّوْا
پس آپ پھیر لیں	اپنا منہ	طرف	مسجد حرام (خانہ کعبہ)	اور جہاں کہیں	تم ہو	سو پھیر لیا کرو

پس آپ اپنا منہ مسجد حرام (خانۂ کعبہ) کی طرف پھیر لیں، اور جہاں کہیں تم ہو پھیر لیا کرو

وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ

وُجُوْهَكُمْ	شَطْرَهٗ	وَاِنَّ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا الْكِتٰبَ	لَيَعْلَمُوْنَ	اَنَّهُ	الْحَقُّ
اپنے منہ	اسکی طرف	اور بیشک	جنہیں	دی گئی کتاب (اہل کتاب)	وہ ضرور جانتے ہیں	کہ یہ	حق

اپنے منہ اس کی طرف، اور بے شک اہل کتاب ضرور جانتے ہیں کہ یہ حق ہے

مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾ وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ

مِنْ	رَّبِّهِمْ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	يَعْمَلُوْنَ	وَلَئِنْ	اَتَيْتَ	الَّذِيْنَ
سے	ان کا رب	اور نہیں	اللہ	بے خبر	اس سے جو	وہ کرتے ہیں	اور اگر	آپ لائیں	جنہیں

ان کے رب کی طرف سے، اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو وہ کرتے ہیں اور اگر آپ لائیں

اُوْتُوا الْكِتٰبَ بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ

اُوْتُوا الْكِتٰبَ	بِكُلِّ	اٰيَةٍ	مَا تَبِعُوْا	قِبْلَتَكَ	وَمَا	اَنْتَ	بِتَابِعٍ	قِبْلَتَهُمْ
دی گئی کتاب (اہل کتاب)	تمام	نشانیاں	وہ پیروی نہ کرینگے	آپ کا قبلہ	اور نہ	آپ	پیروی کرنیوالے	ان کا قبلہ

اہل کتاب کے پاس تمام نشانیاں وہ (پھر بھی) آپ کے قبلہ کی پیروی نہ کریں گے، اور نہ آپ ان کے قبلہ کی پیروی کرنے والے ہیں

وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ

وَمَا	بَعْضُهُمْ	بِتَابِعٍ	قِبْلَةَ	بَعْضٍ	وَلَئِنِ	اتَّبَعْتَ	أَهْوَاءَهُمْ
اور نہیں	ان سے کوئی	پیروی کرنیوالا	قبلہ	کسی	اور اگر	آپ نے پیروی کی	ان کی خواہشات

اور ان میں سے کوئی کسی (دوسرے) کے قبلہ کی پیروی کرنے والا نہیں اور اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی

مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ﴿١٤٥﴾ الَّذِينَ

مِنْ بَعْدِ	مَا جَاءَكَ	مِنَ الْعِلْمِ	إِنَّكَ	إِذًا	لَمِنَ	الظَّالِمِينَ	الَّذِينَ
اس کے بعد	کہ آچکا آپکے پاس	علم	بیشک آپ	اب	سے	بے انصاف	اور جنہیں

اس کے بعد کہ آپ کے پاس علم آچکا تو اب بیشک آپ بے انصافوں میں سے ہوں گے۔ اور جنہیں

آتَيْنَاهُمُ الْكِتَابَ يَعْرِفُونَهُ كَمَا يَعْرِفُونَ أَبْنَاءَهُمْ ۖ وَإِنَّ فَرِيقًا مِنْهُمْ

آتَيْنَاهُمُ	الْكِتَابَ	يَعْرِفُونَهُ	كَمَا	يَعْرِفُونَ	أَبْنَاءَهُمْ	وَإِنَّ	فَرِيقًا	مِنْهُمْ
ہم نے دی	کتاب	وہ اسے پہچانتے ہیں	جیسے	وہ پہچانتے ہیں	اپنے بیٹے	اور بیشک	ایک گروہ	ان سے

ہم نے کتاب دی وہ اسے پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، اور بیشک ان میں سے ایک گروہ

لَيَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿١٤٦﴾ الْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ۖ فَلَا تَكُونَنَّ

لَيَكْتُمُونَ	الْحَقَّ	وَهُمْ	يَعْلَمُونَ	الْحَقُّ	مِنْ	رَبِّكَ	فَلَا تَكُونَنَّ
وہ چھپاتے ہیں	حق	حالانکہ وہ	وہ جانتے ہیں	حق	سے	آپ کا رب	پس آپ نہ ہو جائیں

حق کو چھپاتا ہے حالانکہ وہ جانتے ہیں (یہ) حق ہے آپ کے رب کی طرف سے پس آپ نہ ہو جائیں

مِنَ الْمُمْتَرِينَ ﴿١٤٧﴾ وَلِكُلٍّ وِجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا ۖ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ

مِنَ	الْمُمْتَرِينَ	وَلِكُلٍّ	وِجْهَةٌ	هُوَ	مُوَلِّيهَا	فَاسْتَبِقُوا	الْخَيْرَاتِ
سے	شک کرنے والے	اور ہر ایک کے لئے	ایک سمت	وہ	اس طرف رُخ کرتا ہے	پس تم سبقت لے جاؤ	نیکیاں

شک کرنے والوں سے۔ اور ہر ایک کے لئے ایک سمت ہے جس طرف وہ رُخ کرتا ہے پس تم نیکیوں میں سبقت لے جاؤ

أَيْنَ مَا تَكُونُوا يَأْتِ بِكُمُ اللَّهُ جَمِيعًا ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿١٤٨﴾

أَيْنَ مَا	تَكُونُوا	يَأْتِ بِكُمُ	اللَّهُ	جَمِيعًا	إِنَّ اللَّهَ	عَلَىٰ	كُلِّ	شَيْءٍ	قَدِيرٌ
جہاں کہیں	تم ہوگے	لے آئیگا تمہیں	اللہ	اکٹھا	بیشک اللہ	پر	ہر	چیز	قدرت رکھنے والا

جہاں کہیں تم ہوگے اللہ تمہیں اکٹھا کرلے گا، بے شک اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

وقف لازم

وقف منزل

١٧ ع ١

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

وَ	مِنْ حَيْثُ	خَرَجْتَ	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
اور	جہاں سے	آپ نکلیں	پس کر لیں	اپنا رُخ	طرف	مسجد حرام

اور جہاں سے آپ نکلیں، پس اپنا رُخ مسجد حرام کی طرف کر لیں ،

وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿۱۴۹﴾ وَمِنْ حَيْثُ

وَإِنَّهُ	لَلْحَقُّ	مِنْ رَّبِّكَ	وَمَا	اللّٰهُ	بِغَافِلٍ	عَمَّا	تَعْمَلُونَ	وَمِنْ حَيْثُ
اور بیشک یہی	حق	آپ کے رب سے	اور نہیں	اللہ	بے خبر	اس سے جو	تم کرتے ہو	اور جہاں سے

اور بیشک آپ کے رب (کی طرف) سے یہی حق ہے اور اللہ اس سے بے خبر نہیں جو تم کرتے ہو۔ اور جہاں کہیں سے

خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا

خَرَجْتَ	فَوَلِّ	وَجْهَكَ	شَطْرَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَحَيْثُ	مَا كُنْتُمْ	فَوَلُّوا
آپ نکلیں	پس کر لیں	اپنا رُخ	طرف	مسجد حرام	اور جہاں کہیں	تم ہو	سو کر لو

آپ نکلیں اپنا رُخ مسجد حرام کی طرف کر لیں، اور تم جہاں کہیں ہو سو کر لو

وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ ۙ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۙ إِلَّا الَّذِينَ

وُجُوهَكُمْ	شَطْرَهُ	لِئَلَّا	يَكُونَ	لِلنَّاسِ	عَلَيْكُمْ	حُجَّةٌ	إِلَّا	الَّذِينَ
اپنے رُخ	اس کی طرف	تاکہ نہ	رہے	لوگوں کے لئے	تم پر	کوئی دلیل	سوائے	وہ جو کہ

اپنے رُخ اس کی طرف، تاکہ لوگوں کے لئے تم پر کوئی دلیل نہ رہے سوائے ان کے لئے جو

ظَلَمُوا مِنْهُمْ ۗ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي ۗ وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

ظَلَمُوا	مِنْهُمْ	فَلَا تَخْشَوْهُمْ	وَاخْشَوْنِي	وَلِأُتِمَّ	نِعْمَتِي	عَلَيْكُمْ	وَلَعَلَّكُمْ
بے انصاف	ان سے	سو تم نہ ڈرو ان سے	اور ڈرو مجھ سے	تاکہ میں پوری کر دوں	اپنی نعمت	تم پر	اور تاکہ تم

ان میں سے بے انصاف ہیں، سو تم ان سے نہ ڈرو، اور مجھ سے ڈرو تاکہ میں اپنی نعمت تم پر پوری کر دوں، اور تاکہ تم

تَهْتَدُونَ ﴿۱۵۰﴾ كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِّنْكُمْ يَتْلُوا عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَ

تَهْتَدُونَ	كَمَا	أَرْسَلْنَا	فِيكُمْ	رَسُولًا	مِّنْكُمْ	يَتْلُوا	عَلَيْكُمْ	آيَاتِنَا	وَ
ہدایت پاؤ	جیسا کہ	ہم نے بھیجا	تم میں	ایک رسول	تم میں سے	وہ پڑھتے ہیں	تم پر	ہمارے حکم	اور

ہدایت پاؤ۔ جیسا کہ ہم نے تم میں ایک رسول تم میں سے بھیجا، وہ تم پر ہمارے حکم پڑھتے ہیں، اور

يُزَكِّيْكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

يُزَكِّيْكُمْ	وَيُعَلِّمُكُمُ	الْكِتٰبَ	وَالْحِكْمَةَ	وَيُعَلِّمُكُمْ	مَا	لَمْ تَكُوْنُوْا
اور پاک کرتے ہیں تمہیں	اور سکھاتے ہیں تم کو	کتاب	اور حکمت	اور سکھاتے ہیں تمہیں	جو	تم نہ تھے

اور وہ تمہیں پاک کرتے ہیں، اور تمہیں کتاب وحکمت (دانائی) سکھاتے ہیں، اور تمہیں وہ سکھاتے ہیں جو تم نہ تھے

۱۸ ع ۵ ۲

تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾

تَعْلَمُوْنَ	فَاذْكُرُوْنِيْٓ	اَذْكُرْكُمْ	وَاشْكُرُوْا لِيْ	وَلَا	تَكْفُرُوْنِ
جانتے	سو یاد کرو مجھے	میں یاد رکھوں گا تمہیں	اور تم شکر کرو میرا	اور نہ	ناشکری کرو میری

جانتے ۔ سو مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد رکھوں گا، اور تم میرا شکر کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	اسْتَعِيْنُوْا	بِالصَّبْرِ	وَالصَّلٰوةِ	اِنَّ	اللّٰهَ
اے	جو کہ	ایمان لائے	تم مدد مانگو	صبر سے	اور نماز	بیشک	اللہ

اے ایمان والو! تم صبر اور نماز سے مدد مانگو، بیشک اللہ

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ

مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَلَا	تَقُوْلُوْا	لِمَنْ	يُّقْتَلُ	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	اَمْوَاتٌ
ساتھ	صبر کرنے والے	اور نہ	کہو	اسے جو	مارے جائیں	میں	راستہ	اللہ	مردہ

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جو اللہ کی راہ میں مارے جائیں انہیں مردہ نہ کہو،

بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾ وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ

بَلْ	اَحْيَاۗءٌ	وَ	لٰكِنْ	لَّا تَشْعُرُوْنَ	وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ	بِشَيْءٍ	مِّنَ	الْخَوْفِ
بلکہ	زندہ	اور	لیکن	تم شعور نہیں رکھتے	اور ضرور ہم آزمائیں گے تمہیں	کچھ	سے	خوف

بلکہ وہ زندہ ہیں، لیکن تم (اس کا) شعور نہیں رکھتے۔ اور ہم تمہیں ضرور آزمائیں گے کچھ خوف سے،

وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ

وَالْجُوْعِ	وَنَقْصٍ	مِّنَ	الْاَمْوَالِ	وَالْاَنْفُسِ	وَالثَّمَرٰتِ	وَبَشِّرِ
اور بھوک	اور نقصان	سے	مال (جمع)	اور جان (جمع)	اور پھل (جمع)	اور خوشخبری دیں آپ

اور بھوک سے، اور مال وجان اور پھلوں کے نقصان سے، اور آپ خوشخبری دیں

الصّٰبِرِيْنَ ﴿١٥٥﴾ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ

الصّٰبِرِيْنَ	الَّذِيْنَ	اِذَآ	اَصَابَتْهُمْ	مُّصِيْبَةٌ	قَالُوْٓا	اِنَّا لِلّٰهِ	وَاِنَّآ
صبر کرنے والے	وہ جو	جب	پہنچے انہیں	کوئی مصیبت	وہ کہیں	ہم اللہ کے لئے	اور ہم

صبر کرنے والوں کو ۔ وہ جنہیں جب کوئی مصیبت پہنچے تو وہ کہیں ہم اللہ کے لئے ہیں اور ہم

اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿١٥٦﴾ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ

اِلَيْهِ	رٰجِعُوْنَ	اُولٰٓئِكَ	عَلَيْهِمْ	صَلَوٰتٌ	مِّنْ	رَّبِّهِمْ	وَ
اس کی طرف	لوٹنے والے	یہی لوگ	ان پر	عنایتیں	سے	ان کا رب	اور

اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ۔ یہی لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے عنایتیں ہیں ، اور

رَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ﴿١٥٧﴾ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ

رَحْمَةٌ	وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُهْتَدُوْنَ	اِنَّ	الصَّفَا	وَالْمَرْوَةَ
رحمت	اور یہی لوگ	وہ	ہدایت یافتہ	بیشک	صفا	اور مروہ

رحمت ہے ، اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں ۔ بیشک صفا اور مروہ

مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ

مِنْ	شَعَآئِرِ	اللّٰهِ	فَمَنْ	حَجَّ	الْبَيْتَ	اَوِ	اعْتَمَرَ	فَلَا جُنَاحَ	عَلَيْهِ
سے	نشانات	اللہ	پس جو	حج کرے	خانہ کعبہ	یا	عمرہ کرے	تو نہیں کوئی حرج	اس پر

اللہ کے نشانات سے ہیں ، پس جو کوئی خانہ کعبہ کا حج کرے یا عمرہ تو اس پر کوئی حرج نہیں

اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ۭ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿١٥٨﴾

اَنْ	يَّطَّوَّفَ	بِهِمَا	وَمَنْ	تَطَوَّعَ	خَيْرًا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	شَاكِرٌ	عَلِيْمٌ
کہ	وہ طواف کرے	ان دونوں	اور جو	خوشی سے کرے	کوئی نیکی	تو بیشک	اللہ	قدردان	جاننے والا

کہ ان دونوں کا طواف کرے ، اور جو خوشی سے کوئی نیکی کرے تو بیشک اللہ قدر دان ، جاننے والا ہے ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ

اِنَّ	الَّذِيْنَ	يَكْتُمُوْنَ	مَآ اَنْزَلْنَا	مِنَ	الْبَيِّنٰتِ	وَالْهُدٰى	مِنْۢ بَعْدِ
بیشک	جو لوگ	چھپاتے ہیں	جو نازل کیا ہم نے	سے	کھلی نشانیاں	اور ہدایت	اس کے بعد

بیشک جو لوگ چھپاتے ہیں جو اللہ نے کھلی نشانیاں اور ہدایت نازل کی ، اس کے بعد کہ

مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ

مَا بَيَّنّٰهُ	لِلنَّاسِ	فِي الْكِتٰبِ	اُولٰٓئِكَ	يَلْعَنُهُمُ	اللّٰهُ	وَيَلْعَنُهُمُ
ہم نے واضح کر دیا	لوگوں کے لئے	کتاب میں	یہی لوگ	لعنت کرتا ہے ان پر	اللہ	اور لعنت کرتے ہیں ان پر

ہم نے اسے کتاب میں لوگوں کے لئے واضح کر دیا، یہی لوگ ہیں جن پر اللہ لعنت کرتا ہے اور ان پر لعنت کرتے ہیں

اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا فَاُولٰٓئِكَ

اللّٰعِنُوْنَ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	تَابُوْا	وَاَصْلَحُوْا	وَبَيَّنُوْا	فَاُولٰٓئِكَ
لعنت کرنے والے	سوائے	وہ لوگ جو	انہوں نے توبہ کی	اور اصلاح کی	اور واضح کیا	پس یہی لوگ ہیں

لعنت کرنے والے۔ سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے توبہ کی اور اصلاح کی اور واضح کر دیا، پس یہی لوگ ہیں

اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

اَتُوْبُ	عَلَيْهِمْ	وَاَنَا	التَّوَّابُ	الرَّحِيْمُ	اِنَّ	الَّذِيْنَ	كَفَرُوْا
میں معاف کرتا ہوں	انہیں	اور میں	معاف کرنے والا	رحم کرنے والا	بیشک	جو لوگ	کافر ہوئے

جنہیں میں معاف کرتا ہوں، اور میں معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہوں۔ بیشک جو لوگ کافر ہوئے

وَمَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ

وَمَاتُوْا	وَهُمْ	كُفَّارٌ	اُولٰٓئِكَ	عَلَيْهِمْ	لَعْنَةُ	اللّٰهِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ
اور وہ مر گئے	اور وہ	کافر	یہی لوگ	ان پر	لعنت	اللہ	اور فرشتے

اور وہ (کافر) ہی مر گئے، یہی لوگ ہیں جن پر لعنت ہے اللہ کی اور فرشتوں کی،

وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ

وَالنَّاسِ	اَجْمَعِيْنَ	خٰلِدِيْنَ	فِيْهَا	لَا يُخَفَّفُ	عَنْهُمُ	الْعَذَابُ
اور لوگ	تمام	ہمیشہ رہیں گے	اس میں	نہ ہلکا ہوگا	ان سے	عذاب

اور تمام لوگوں کی۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، ان سے عذاب ہلکا نہ ہوگا،

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

وَلَا	هُمْ	يُنْظَرُوْنَ	وَاِلٰهُكُمْ	اِلٰهٌ	وَّاحِدٌ	لَآ	اِلٰهَ	اِلَّا هُوَ
اور نہ	انہیں	مہلت دی جائے گی	اور معبود تمہارا	معبود	ایک (یکتا)	نہیں	عبادت کے لائق	سوائے اس کے

اور نہ انہیں مہلت دی جائے گی۔ اور تمہارا معبود یکتا معبود ہے، اس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں،

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ اِنَّ فِىْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ

الرَّحْمٰنُ	الرَّحِيْمُ	اِنَّ	فِىْ	خَلْقِ	السَّمٰوٰتِ	وَالْاَرْضِ	وَ
نہایت مہربان	رحم کرنے والا	بیشک	میں	پیدائش	آسمانوں	اور زمین	اور

نہایت مہربان، رحم کرنے والا۔ بیشک زمین اور آسمانوں کی پیدائش میں، اور

اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِىْ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِمَا

اخْتِلَافِ	الَّيْلِ	وَالنَّهَارِ	وَالْفُلْكِ	الَّتِىْ	تَجْرِىْ	فِى	الْبَحْرِ	بِمَا
بدلتے رہنا	رات	اور دن	اور کشتی	جو کہ	بہتی ہے	میں	سمندر	ساتھ+جو

رات اور دن کے بدلتے رہنے میں، اور (اس) کشتی میں جو سمندر میں بہتی ہے (ان چیزوں کے) ساتھ جو

يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ

يَنْفَعُ	النَّاسَ	وَمَا	اَنْزَلَ	اللّٰهُ	مِنَ السَّمَآءِ	مِنْ	مَّآءٍ	فَاَحْيَا	بِهِ	الْاَرْضَ
نفع دیتی ہے	لوگ	اور جو کہ	اتارا	اللہ	آسمانوں سے	سے	پانی	پھر زندہ کیا	اس سے	زمین

لوگوں کو نفع دیتی ہیں، اور جو اللہ نے آسمانوں سے پانی اتارا، پھر اس سے زمین کو زندہ کیا

بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ

بَعْدَ مَوْتِهَا	وَبَثَّ	فِيْهَا	مِنْ	كُلِّ	دَآبَّةٍ	وَتَصْرِيْفِ	الرِّيٰحِ
اس کے مرنے کے بعد	اور پھیلائے	اس میں	سے	ہر (قسم)	جانور	اور بدلنا	ہوائیں

اس کے مرنے کے بعد، اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلائے، اور ہواؤں کے بدلنے میں،

وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

وَالسَّحَابِ	الْمُسَخَّرِ	بَيْنَ	السَّمَآءِ	وَالْاَرْضِ	لَاٰيٰتٍ	لِّقَوْمٍ
اور بادل	تابع	درمیان	آسمان	اور زمین	نشانیاں	لوگوں کے لئے

اور زمین و آسمان کے درمیان تابع بادلوں میں نشانیاں ہیں (ان) لوگوں کے لئے (جو)

يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا

يَّعْقِلُوْنَ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَّتَّخِذُ	مِنْ	دُوْنِ	اللّٰهِ	اَنْدَادًا
عقل والے	اور سے	لوگ	جو	بناتے ہیں	سے	سوائے	اللہ	شریک

عقل والے ہیں۔ اور جو لوگ اللہ کے سوائے کوئی شریک بناتے ہیں

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ

وَلَوْ	لِّلّٰهِ	حُبًّا	اَشَدُّ	اٰمَنُوْۤا	وَالَّذِيْنَ	اللّٰهِ	كَحُبِّ	يُحِبُّوْنَهُمْ
اور اگر	اللہ کیلئے	محبت	سب سے زیادہ	ایمان لائے	اور جو لوگ	اللہ	جیسے محبت	محبت کرتے ہیں ان سے

وہ ان سے محبت کرتے ہیں جیسے اللہ کی محبت، اور جو لوگ ایمان لائے (انہیں) اللہ کی محبت سب سے زیادہ ہے، اور اگر

يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْۤا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ

جَمِيْعًا	لِلّٰهِ	الْقُوَّةَ	اَنَّ	الْعَذَابَ	اِذْ يَرَوْنَ	ظَلَمُوْۤا	الَّذِيْنَ	يَرَى
تمام	اللہ کے لئے	قوت	کہ	عذاب	جب دیکھیں گے	ظلم کیا	وہ جنہوں نے	دیکھ لیں

دیکھ لیں جنہوں نے ظلم کیا (اس وقت کو) جب یہ عذاب دیکھیں گے کہ تمام قوت اللہ کے لئے ہے

وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	مِنَ	اتُّبِعُوْا	الَّذِيْنَ	اِذْ تَبَرَّاَ	الْعَذَابِ	شَدِيْدُ	اللّٰهَ	وَّاَنَّ
جنہوں نے	سے	پیروی کی گئی	وہ لوگ جو	جب بیزار ہو جائیں گے	عذاب	سخت	اللہ	اور یہ کہ

اور یہ کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔ جب بیزار ہو جائیں گے وہ جن کی پیروی کی گئی ان سے جنہوں نے

اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ

الَّذِيْنَ	وَقَالَ	الْاَسْبَابُ	بِهِمُ	وَتَقَطَّعَتْ	الْعَذَابَ	وَرَاَوُا	اتَّبَعُوْا
وہ جنہوں نے	اور کہیں گے	وسائل	ان سے	اور کٹ جائیں گے	عذاب	اور وہ دیکھیں گے	پیروی کی

پیروی کی تھی اور وہ عذاب دیکھ لیں گے، اور ان سے تمام وسائل کٹ جائیں گے۔ اور وہ کہیں گے جنہوں نے

اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ

كَذٰلِكَ	مِنَّا	تَبَرَّءُوْا	كَمَا	مِنْهُمْ	فَنَتَبَرَّاَ	كَرَّةً	لَنَا	لَوْ اَنَّ	اتَّبَعُوْا
اسی طرح	ہم سے	انہوں نے بیزاری کی	جیسے	ان سے	تو ہم بیزاری کرتے	دوبارہ	ہمارے لئے	کاش کہ	پیروی کی

پیروی کی تھی کاش ہمارے لئے دوبارہ (دنیا میں لوٹ جانا ہوتا) تو ہم ان سے بیزاری کرتے جیسے انہوں نے ہم سے بیزاری کی اسی طرح

يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾

مِنَ النَّارِ	بِخٰرِجِيْنَ	وَمَا هُمْ	عَلَيْهِمْ	حَسَرٰتٍ	اَعْمَالَهُمْ	اللّٰهُ	يُرِيْهِمُ
آگ سے	نکلنے والے	اور نہیں وہ	ان پر	حسرتیں	ان کے عمل	اللہ	انہیں دکھائے گا

اللہ ان کے عمل انہیں حسرتیں بنا کر دکھائے گا، اور وہ آگ سے نکلنے والے نہیں۔

۲۰ ع ۴

يَا أَيُّهَا النَّاسُ كُلُوا مِمَّا فِي الْأَرْضِ حَلَالًا طَيِّبًا وَلَا تَتَّبِعُوا

يَا أَيُّهَا	النَّاسُ	كُلُوا	مِمَّا	فِي الْأَرْضِ	حَلَالًا	طَيِّبًا	وَلَا	تَتَّبِعُوا
اے	لوگ	تم کھاؤ	اس سے جو	زمین میں	حلال	پاک	اور نہ	پیروی کرو

اے لوگو! کھاؤ اس میں سے جو زمین میں ہے حلال اور پاک، اور پیروی نہ کرو

خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ ۚ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ ﴿١٦٨﴾ إِنَّمَا يَأْمُرُكُمْ

خُطُوَاتِ	الشَّيْطَانِ	إِنَّهُ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُبِينٌ	إِنَّمَا	يَأْمُرُكُمْ
قدم (جمع)	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن	کھلا	صرف	تمہیں حکم دیتا ہے

شیطان کے قدموں کی، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔ وہ تمہیں حکم دیتا ہے صرف

بِالسُّوءِ وَالْفَحْشَاءِ وَأَنْ تَقُولُوا عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ﴿١٦٩﴾ وَ

بِالسُّوءِ	وَالْفَحْشَاءِ	وَأَنْ	تَقُولُوا	عَلَى اللَّهِ	مَا	لَا تَعْلَمُونَ	وَ
برائی	اور بے حیائی	اور یہ کہ	تم کہو	اللہ پر	جو	تم نہیں جانتے	اور

برائی اور بے حیائی کا، اور یہ کہ تم اللہ (کے بارے میں) کہو جو تم نہیں جانتے۔ اور

إِذَا قِيلَ لَهُمُ اتَّبِعُوا مَا أَنْزَلَ اللَّهُ قَالُوا بَلْ نَتَّبِعُ مَا أَلْفَيْنَا

إِذَا	قِيلَ	لَهُمُ	اتَّبِعُوا	مَا أَنْزَلَ	اللَّهُ	قَالُوا	بَلْ نَتَّبِعُ	مَا أَلْفَيْنَا
جب	کہا جاتا ہے	انہیں	پیروی کرو	جو اُتارا	اللہ	وہ کہتے ہیں	بلکہ ہم پیروی کریں گے	جو ہم نے پایا

جب انہیں کہا جاتا ہے اس کی پیروی کرو جو اللہ نے اتارا تو وہ کہتے ہیں بلکہ ہم اسکی پیروی کرینگے جس پر ہم نے پایا

عَلَيْهِ آبَاءَنَا ۗ أَوَلَوْ كَانَ آبَاؤُهُمْ لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا وَلَا يَهْتَدُونَ ﴿١٧٠﴾

عَلَيْهِ	آبَاءَنَا	أَوَلَوْ	كَانَ	آبَاؤُهُمْ	لَا يَعْقِلُونَ	شَيْئًا	وَلَا يَهْتَدُونَ
اس پر	اپنے باپ دادا	بھلا اگرچہ	ہوں	انکے باپ دادا	نہ سمجھتے ہوں	کچھ	اور نہ ہدایت یافتہ ہوں

اپنے باپ دادا کو، بھلا اگرچہ اُن کے باپ دادا کچھ نہ سمجھتے ہوں اور ہدایت یافتہ نہ ہوں۔

وَمَثَلُ الَّذِينَ كَفَرُوا كَمَثَلِ الَّذِي يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ

وَمَثَلُ	الَّذِينَ	كَفَرُوا	كَمَثَلِ	الَّذِي	يَنْعِقُ	بِمَا	لَا يَسْمَعُ
اور مثال	جن لوگوں نے	کفر کیا	مانند حالت	وہ جو	پکارتا ہے	اس کو جو	نہیں سنتا

اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کی مثال اس شخص کی حالت کے مانند ہے جو اس کو پکارتا ہے جو نہیں سنتا

إِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ۭ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾

لَا يَعْقِلُوْنَ	فَهُمْ	عُمْيٌ	بُكْمٌ	صُمٌّ	وَنِدَآءً	دُعَآءً	إِلَّا
نہیں سمجھتے	پس وہ	اندھے	گونگے	بہرے	اور چلانا	پکارنا	سوائے

سوائے پکارنے اور چلانے (کی آواز) کے، وہ بہرے گونگے، اندھے ہیں، پس وہ نہیں سمجھتے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَاشْكُرُوْا لِلّٰهِ

لِلّٰهِ	وَاشْكُرُوْا	مَا رَزَقْنٰكُمْ	طَيِّبٰتِ	مِنْ	كُلُوْا	اٰمَنُوْا	الَّذِيْنَ	يٰٓاَيُّهَا
اللہ کا	اور شکر کرو	جو ہم نے تمہیں دیا	پاک	سے	تم کھاؤ	ایمان لائے	جو لوگ	اے

اے وہ لوگ! جو ایمان لائے ہو، تم پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں دی ہیں اور تم اللہ کا شکر کرو

اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ

وَالدَّمَ	الْمَيْتَةَ	عَلَيْكُمُ	حَرَّمَ	اِنَّمَا	تَعْبُدُوْنَ	اِيَّاهُ	اِنْ كُنْتُمْ
اور خون	مردار	تم پر	حرام کیا	درحقیقت	بندگی کرتے ہو	صرف اسکی	اگر تم ہو

اگر تم صرف اس کی بندگی کرتے ہو۔ درحقیقت (ہم نے) تم پر حرام کیا ہے مردار، اور خون،

وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ

اضْطُرَّ	فَمَنِ	لِغَيْرِ اللّٰهِ	بِهٖ	اُهِلَّ	وَمَا	الْخِنْزِيْرِ	وَلَحْمَ
لاچار ہو جائے	پس جو	اللہ کے سوا	اس پر	پکارا گیا	اور جو	سؤر	اور گوشت

اور سؤر کا گوشت، اور جس پر اللہ کے سوا (کسی اور کا نام) پکارا گیا، پس جو لاچار ہو جائے

غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾

رَحِيْمٌ	غَفُوْرٌ	اللّٰهَ	اِنَّ	عَلَيْهِ	اِثْمَ	فَلَآ	عَادٍ	وَلَا	غَيْرَ بَاغٍ
رحم کرنے والا	بخشنے والا	اللہ	بیشک	اس پر	گناہ	تو نہیں	حد سے بڑھنے والا	اور نہ	نہ سرکشی کرنیوالا

مگر نہ سرکشی کرنے والا ہو، نہ حد سے بڑھنے والا تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ

بِهٖ	وَيَشْتَرُوْنَ	الْكِتٰبِ	مِنَ	اللّٰهُ	مَآ اَنْزَلَ	يَكْتُمُوْنَ	الَّذِيْنَ	اِنَّ
اس سے	اور وصول کرتے ہیں وہ	کتاب	سے	اللہ	جو اتارا	چھپاتے ہیں	جو لوگ	بیشک

بے شک جو لوگ وہ چھپاتے ہیں جو اللہ نے (بصورت) کتاب نازل کیا اور اس سے وصول کرتے ہیں

ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰٓئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ

ثَمَنًا	قَلِيلًا	أُولَٰٓئِكَ	مَا يَأْكُلُونَ	فِي	بُطُونِهِمْ	إِلَّا	النَّارَ	وَلَا	يُكَلِّمُهُمُ
قیمت	تھوڑی	یہی لوگ	نہیں کھاتے	میں	اپنے پیٹ (جمع)	مگر (صرف)	آگ	اور نہ	بات کرے گا

تھوڑی قیمت، یہی لوگ ہیں جو اپنے پیٹوں میں صرف آگ بھرتے ہیں اور اُن سے بات نہیں کرے گا

اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ﴿١٧٤﴾ أُولَٰٓئِكَ

اللَّهُ	يَوْمَ الْقِيَامَةِ	وَلَا	يُزَكِّيهِمْ	وَلَهُمْ	عَذَابٌ	أَلِيمٌ	أُولَٰٓئِكَ
اللہ	قیامت کے دن	اور نہ	پاک کرے گا انہیں	اور ان کے لئے	عذاب	دردناک	یہی لوگ

اللہ قیامت کے دن، اور نہ انہیں پاک کرے گا، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہے۔ یہی لوگ ہیں

الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا

الَّذِينَ	اشْتَرَوُا	الضَّلَالَةَ	بِالْهُدَىٰ	وَالْعَذَابَ	بِالْمَغْفِرَةِ	فَمَا
جنہوں نے	مول لی	گمراہی	ہدایت کے بدلے	اور عذاب	مغفرت کے بدلے	سو کس قدر

جنہوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی مول لی، اور مغفرت کے بدلے عذاب، سو کس قدر

أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿١٧٥﴾ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ

أَصْبَرَهُمْ	عَلَى	النَّارِ	ذَٰلِكَ	بِأَنَّ	اللَّهَ	نَزَّلَ	الْكِتَابَ	بِالْحَقِّ	وَإِنَّ
بہت صبر کرنے والے وہ	پر	آگ	یہ	اس لئے کہ	اللہ	نازل کی	کتاب	حق کے ساتھ	اور بیشک

وہ آگ پر بہت صبر کرنے والے ہیں۔ یہ اس لئے کہ اللہ نے حق کے ساتھ کتاب نازل کی، اور بیشک

۲۱ ع ۹ ۵

الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ ﴿١٧٦﴾ لَيْسَ الْبِرَّ

الَّذِينَ	اخْتَلَفُوا	فِي	الْكِتَابِ	لَفِي	شِقَاقٍ	بَعِيدٍ	لَيْسَ	الْبِرَّ
جو لوگ	اختلاف کیا	میں	کتاب	میں	ضد	دُور	نہیں	نیکی

جن لوگوں نے کتاب میں اختلاف کیا وہ ضد میں دُور (جا پڑے ہیں)۔ نیکی یہ نہیں

أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ

أَنْ	تُوَلُّوا	وُجُوهَكُمْ	قِبَلَ	الْمَشْرِقِ	وَ	الْمَغْرِبِ	وَلَٰكِنَّ
کہ	تم کرلو	اپنے منہ	طرف	مشرق	اور	مغرب	اور لیکن

کہ تم اپنے منہ مشرق یا مغرب کی طرف کرلو، مگر

الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَ

وَ	وَالْكِتٰبِ	وَالْمَلٰٓئِكَةِ	الْاٰخِرِ	وَالْيَوْمِ	بِاللّٰهِ	اٰمَنَ	مَنْ	الْبِرَّ
اور	اور کتاب	اور فرشتے	آخرت	اور دن	اللہ پر	ایمان لائے	جو	نیکی

نیکی یہ ہے جو ایمان لائے اللہ پر، اور یوم آخرت پر، اور فرشتوں، اور کتابوں پر، اور

النَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ

وَالْمَسٰكِيْنَ	وَالْيَتٰمٰى	ذَوِي الْقُرْبٰى	عَلٰى حُبِّهٖ	الْمَالَ	وَاٰتَى	النَّبِيّٖنَ
اور مسکین (جمع)	اور یتیم (جمع)	رشتہ دار	اس کی محبت پر	مال	اور دے	نبی (جمع)

نبیوں پر، اور اس کی محبت پر مال دے رشتہ داروں کو، اور یتیموں، اور مسکینوں کو،

وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ

وَابْنَ السَّبِيْلِ	وَالسَّآئِلِيْنَ	وَفِي الرِّقَابِ	وَاَقَامَ	الصَّلٰوةَ
اور مسافر	اور سوال کرنے والے	اور گردنوں میں	اور قائم کرے	نماز

اور مسافروں کو، اور سوال کرنے والوں کو، اور گردنوں (کے آزاد کرانے) میں، اور نماز قائم کرے

وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ وَالصّٰبِرِيْنَ

وَاٰتَى	الزَّكٰوةَ	وَالْمُوْفُوْنَ	بِعَهْدِهِمْ	اِذَا	عٰهَدُوْا	وَالصّٰبِرِيْنَ
اور ادا کرے	زکوٰۃ	اور پورا کرنے والے	اپنے وعدے	جب	وہ عہد کریں	اور صبر کرنے والے

اور زکوٰۃ ادا کرے، اور جب وہ وعدہ کریں تو اسے پورا کریں، اور صبر کرنے والے

فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ

فِي	الْبَاْسَآءِ	وَالضَّرَّآءِ	وَحِيْنَ	الْبَاْسِ	اُولٰٓئِكَ	الَّذِيْنَ	صَدَقُوْا
میں	سختی	اور تکلیف	اور وقت	جنگ	یہی لوگ	وہ جو کہ	انہوں نے سچ کہا

سختی میں، اور تکلیف میں، اور جنگ کے وقت، یہی لوگ سچے ہیں،

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ

وَاُولٰٓئِكَ	هُمُ	الْمُتَّقُوْنَ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	كُتِبَ	عَلَيْكُمُ
اور یہی لوگ	وہ	پرہیزگار	اے	وہ لوگ جو	ایمان لائے	فرض کیا گیا	تم پر

اور یہی لوگ پرہیزگار ہیں، اے ایمان والو! تم پر فرض کیا گیا

الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى

وَالْاُنْثٰى	بِالْعَبْدِ	وَالْعَبْدُ	بِالْحُرِّ	اَلْحُرُّ	فِي الْقَتْلٰى	الْقِصَاصُ
اور عورت	غلام کے بدلے	اور غلام	آزاد کے بدلے	آزاد	مقتولوں میں	قصاص

قصاص مقتولوں (کے بارہ) میں آزاد کے بدلے آزاد، اور غلام کے بدلے غلام، اور عورت

بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَ

وَ	بِالْمَعْرُوْفِ	فَاتِّبَاعٌ	شَيْءٌ	اَخِيْهِ	مِنْ	لَهٗ	عُفِيَ	فَمَنْ	بِالْاُنْثٰى
اور	مطابق دستور	تو پیروی کرنا	کچھ	اس کا بھائی	سے	اسکے لئے	معاف کیا جائے	پس جسے	عورت کے بدلے

کے بدلے عورت، پس جسے اس کے بھائی کی طرف سے کچھ معاف کیا جائے تو دستور کے مطابق پیروی کرے، اور

اَدَآءٌ اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ

فَمَنِ	وَرَحْمَةٌ	رَّبِّكُمْ	مِّنْ	تَخْفِيْفٌ	ذٰلِكَ	بِاِحْسَانٍ	اِلَيْهِ	اَدَآءٌ
پس جو	اور رحمت	تمہارا رب	سے	آسانی	یہ	اچھا طریقہ	اسے	ادا کرنا

اسے اچھے طریقہ سے ادا کرے، یہ تمہارے رب کی طرف سے آسانی اور رحمت ہے، پس جس نے

اعْتَدٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ

الْقِصَاصِ	فِي	وَلَكُمْ	اَلِيْمٌ	عَذَابٌ	فَلَهٗ	ذٰلِكَ	بَعْدَ	اعْتَدٰى
قصاص	میں	اور تمہارے لئے	دردناک	عذاب	تو اسکے لئے	اس	بعد	زیادتی کی

اس کے بعد زیادتی کی تو اس کے لئے دردناک عذاب ہے۔ اور تمہارے لئے قصاص میں

حَيٰوةٌ يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا

اِذَا	عَلَيْكُمْ كُتِبَ	تَتَّقُوْنَ	لَعَلَّكُمْ	يّٰاُولِي الْاَلْبَابِ	حَيٰوةٌ
جب	فرض کیا گیا تم پر	پرہیزگار ہو جاؤ	تاکہ تم	اے عقل والو	زندگی

زندگی ہے، اے عقل والو! تاکہ تم پرہیزگار ہو جاؤ۔ تم پر فرض کیا گیا ہے کہ جب

حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۚۖ ۨالْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَ

وَ	لِلْوَالِدَيْنِ	ۨالْوَصِيَّةُ	خَيْرَا	تَرَكَ	اِنْ	الْمَوْتُ	اَحَدَكُمُ	حَضَرَ
اور	ماں باپ کے لئے	وصیت	مال	چھوڑا	اگر	موت	تمہارا کوئی	آئے

تم میں سے کسی کو موت آئے اگر وہ مال چھوڑے تو وصیت کرے ماں باپ کے لئے اور

الْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ فَمَنْ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا

الْاَقْرَبِيْنَ	بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى	الْمُتَّقِيْنَ	فَمَنْ	بَدَّلَهٗ	بَعْدَ	مَا
اور رشتہ دار	دستور کے مطابق	لازم	پر	پرہیزگار	پھر جو	بدل دے اسے	بعد	جو

اور رشتہ داروں کے لئے دستور کے مطابق، یہ لازم ہے پرہیزگاروں پر۔ پھر جو کوئی اسے بدل دے اس کے بعد

سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

سَمِعَهٗ	فَاِنَّمَا	اِثْمُهٗ	عَلَى	الَّذِيْنَ	يُبَدِّلُوْنَهٗ	اِنَّ	اللّٰهَ
اس کو سُنا	تو صرف	اس کا گناہ	پر	جو لوگ	اسے بدلا	بیشک	اللہ

کہ اس نے اس کو سُنا تو اس کا گناہ صرف ان لوگوں پر ہے جنہوں نے اسے بدلا، بیشک اللہ

سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾ فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ اِثْمًا فَاَصْلَحَ

سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	فَمَنْ	خَافَ	مِنْ	مُّوْصٍ	جَنَفًا	اَوْ اِثْمًا	فَاَصْلَحَ
سُننے والا	جاننے والا	پس جو	خوف کرے	سے	وصیت کرنیوالا	طرفداری	یا گناہ	پھر صلح کرادے

سُننے والا جاننے والا ہے۔ پس جو کوئی وصیت کرنے والے سے طرفداری یا گناہ کا خوف کرے پھر صلح کرادے

۲۲ ع ۶ ۶

بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۲﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ

بَيْنَهُمْ	فَلَآ اِثْمَ	عَلَيْهِ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	يٰۤاَيُّهَا	الَّذِيْنَ
ان کے درمیان	تو نہیں گناہ	اس پر	بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اے	وہ لوگ جو

ان کے درمیان تو اس میں کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اے لوگو!

اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ

اٰمَنُوْا	كُتِبَ	عَلَيْكُمُ	الصِّيَامُ	كَمَا	كُتِبَ	عَلَى	الَّذِيْنَ	مِنْ قَبْلِكُمْ
ایمان لائے	فرض کئے گئے	تم پر	روزے	جیسے	فرض کئے گئے	پر	جو لوگ	تم سے پہلے

جو ایمان لائے ہو (مومنو)! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں جیسے تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے

لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۳﴾ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا

لَعَلَّكُمْ	تَتَّقُوْنَ	اَيَّامًا	مَّعْدُوْدٰتٍ	فَمَنْ	كَانَ	مِنْكُمْ	مَّرِيْضًا
تاکہ تم	پرہیزگار بن جاؤ	چند دن	گنتی کے	پس جو	ہو	تم میں سے	بیمار

تاکہ تم پرہیزگار بن جاؤ۔ گنتی کے چند دن ہیں پس تم میں سے جو کوئی بیمار ہو

اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ يُطِيْقُوْنَهٗ

يُطِيْقُوْنَهٗ	الَّذِيْنَ	وَعَلَى	اَيَّامٍ اُخَرَ	مِّنْ	فَعِدَّةٌ	سَفَرٍ	عَلٰى	اَوْ
طاقت رکھتے ہوں	جو لوگ	اور پر	دوسرے (بعد کے) دن	سے	تو گنتی	سفر	پر	یا

یا سفر پر ہو تو گنتی پوری کرے بعد کے دنوں میں، اور اُن پر ہے جو طاقت رکھتے ہیں

فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ وَاَنْ تَصُوْمُوْا

تَصُوْمُوْا	وَاَنْ	خَيْرٌ لَّهٗ	فَهُوَ	خَيْرًا	تَطَوَّعَ	فَمَنْ	مِسْكِيْنٍ	طَعَامُ	فِدْيَةٌ
تم روزہ رکھو	اور اگر	بہتر اس کے لئے	تو وہ	کوئی نیکی	خوشی سے کرے	پس جو	نادار	کھانا	بدلہ

ایک نادار کو کھانا کھلانے کی۔ پس جو خوشی سے کوئی نیکی کرے وہ اس کے لئے بہتر ہے، اور اگر تم روزہ رکھو

خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝١٨٤ شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ

فِيْهِ	اُنْزِلَ	الَّذِيْ	رَمَضَانَ	شَهْرُ	تَعْلَمُوْنَ	كُنْتُمْ	اِنْ	خَيْرٌ لَّكُمْ
اس میں	نازل کیا گیا	جس	رمضان	مہینہ	جانتے ہو	تم ہو	اگر	بہتر تمہارے لئے

تو تمہارے لئے بہتر ہے اگر تم جانتے ہو۔ رمضان کا مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا،

الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ

فَمَنْ	الْفُرْقَانِ	وَ	الْهُدٰى	مِّنَ	وَبَيِّنٰتٍ	لِّلنَّاسِ	هُدًى	الْقُرْاٰنُ
پس جو	فرقان	اور	ہدایت	سے	اور روشن دلیلیں	لوگوں کے لئے	ہدایت	قرآن

قرآن لوگوں کے لئے ہدایت ہے، اور ہدایت کی روشن دلیلیں، اور فرقان (حق کو باطل سے جدا کرنے والا) پس جو

شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ

سَفَرٍ	عَلٰى	اَوْ	مَرِيْضًا	كَانَ	وَمَنْ	فَلْيَصُمْهُ	الشَّهْرَ	مِنْكُمُ	شَهِدَ
سفر	پر	یا	بیمار	ہو	اور جو	چاہیے کہ روزے رکھے	مہینہ	تم میں سے	پائے

تم میں سے یہ مہینہ پائے اسے چاہیے کہ روزے رکھے، اور جو بیمار ہو یا سفر پر ہو

فَعِدَّةٌ مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ

الْعُسْرَ	بِكُمُ	وَلَا يُرِيْدُ	الْيُسْرَ	بِكُمُ	اللّٰهُ	يُرِيْدُ	اَيَّامٍ اُخَرَ	مِّنْ	فَعِدَّةٌ
دشواری	تمہارے لئے	اور نہیں چاہتا	آسانی	تمہارے لئے	اللہ	چاہتا ہے	بعد کے دن	سے	تو گنتی پوری کرے

وہ بعد کے دنوں میں گنتی پوری کر لے، اللہ تمہارے لئے آسانی چاہتا ہے اور دشواری نہیں چاہتا،

وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ

وَلِتُكْمِلُوا	الْعِدَّةَ	وَلِتُكَبِّرُوا	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا هَدٰىكُمْ	وَلَعَلَّكُمْ
اور تاکہ تم پوری کرو	گنتی	اور تاکہ تم بڑائی کرو	اللہ	پر	جو تمہیں ہدایت دی	اور تاکہ تم

اور تاکہ تم گنتی پوری کرو، اور تاکہ تم اللہ کی بڑائی بیان کرو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت دی، اور تاکہ تم

تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۵﴾ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ

تَشْكُرُوْنَ	وَاِذَا	سَاَلَكَ	عِبَادِيْ	عَنِّيْ	فَاِنِّيْ	قَرِيْبٌ	اُجِيْبُ
شکر ادا کرو	اور جب	آپ سے پوچھیں	میرے بندے	میرے متعلق	تو میں	قریب	میں قبول کرتا ہوں

شکر ادا کرو۔ اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق پوچھیں تو میں قریب ہوں، میں قبول کرتا ہوں

دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ

دَعْوَةَ	الدَّاعِ	اِذَا	دَعَانِ	فَلْيَسْتَجِيْبُوْا	لِيْ	وَلْيُؤْمِنُوْا	بِيْ	لَعَلَّهُمْ
دُعا	پکارنے والا	جب	مجھ سے مانگے	پس چاہیے حکم مانیں	میرا	اور ایمان لائیں	مجھ پر	تاکہ وہ

پکارنے والے کی دُعا جب وہ مجھ سے مانگے پس چاہیے کہ وہ میرا حکم مانیں، اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ

يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾ اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ

يَرْشُدُوْنَ	اُحِلَّ	لَكُمْ	لَيْلَةَ	الصِّيَامِ	الرَّفَثُ	اِلٰى	نِسَآئِكُمْ
وہ ہدایت پائیں	جائز کر دیا گیا	تمہارے لئے	رات	روزہ	بے پردہ ہونا	طرف (سے)	اپنی عورتوں

ہدایت پائیں۔ تمہارے لئے جائز کر دیا گیا روزہ کی رات میں اپنی عورتوں سے بے پردہ ہونا،

هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ

هُنَّ	لِبَاسٌ	لَّكُمْ	وَاَنْتُمْ	لِبَاسٌ	لَّهُنَّ	عَلِمَ	اللّٰهُ	اَنَّكُمْ	كُنْتُمْ
وہ	لباس	تمہارے لئے	اور تم	لباس	اُن کے لئے	جان لیا	اللہ	کہ تم	تم تھے

وہ تمہارے لئے لباس ہیں، اور تم اُن کے لئے لباس ہو، اللہ نے جان لیا کہ تم

تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ

تَخْتَانُوْنَ	اَنْفُسَكُمْ	فَتَابَ	عَلَيْكُمْ	وَ	عَفَا	عَنْكُمْ	فَالْـٰٔنَ	بَاشِرُوْهُنَّ
خیانت کرتے	اپنے تئیں	سو معاف کر دیا	تم کو	اور	درگزر کی	تم سے	پس اب	ان سے ملو

اپنے تئیں خیانت کرتے تھے سو اُس نے تم کو معاف کر دیا اور تم سے درگزر کی، پس اب اُن سے ملو

وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۪ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ

وَابْتَغُوْا	مَا	كَتَبَ	اللّٰهُ	لَكُمْ	وَكُلُوْا	وَاشْرَبُوْا	حَتّٰى	يَتَبَيَّنَ
اور طلب کرو	جو	لکھ دیا	اللہ	تمہارے لئے	اور کھاؤ	اور پیو	یہاں تک کہ	واضح ہو جائے

اور جو اللہ نے تمہارے لئے لکھ دیا ہے طلب کرو اور کھاؤ اور پیؤ یہاں تک کہ واضح ہو جائے

لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ۪ ثُمَّ

لَكُمُ	الْخَيْطُ	الْاَبْيَضُ	مِنَ	الْخَيْطِ	الْاَسْوَدِ	مِنَ	الْفَجْرِ	ثُمَّ
تمہارے لئے	دھاری	سفید	سے	دھاری	سیاہ	سے	فجر	پھر

تمہارے لئے فجر کی سفید دھاری سیاہ دھاری سے ، پھر

اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ عٰكِفُوْنَ ۙ

اَتِمُّوا	الصِّيَامَ	اِلَى	الَّيْلِ	وَلَا	تُبَاشِرُوْهُنَّ	وَاَنْتُمْ	عٰكِفُوْنَ
تم پورا کرو	روزہ	تک	رات	اور نہ	ان سے ملو	جبکہ تم	اعتکاف کرنے والے

تم رات تک روزہ پورا کرو ، اور ان سے تم ملو جب تم اعتکاف کرنے والے ہو

فِى الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ

فِى الْمَسٰجِدِ	تِلْكَ	حُدُوْدُ	اللّٰهِ	فَلَا	تَقْرَبُوْهَا	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ
مسجدوں میں	یہ	حدیں	اللہ	پس نہ	اس کے قریب جاؤ	اسی طرح	واضح کرتا ہے

مسجدوں میں (حالتِ اعتکاف میں)۔ یہ اللہ کی حدیں ہیں پس ان کے قریب نہ جاؤ، اسی طرح واضح کرتا ہے

اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ

اللّٰهُ	اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَّقُوْنَ	وَلَا	تَاْكُلُوْٓا	اَمْوَالَكُمْ	بَيْنَكُمْ
اللہ	اپنے حکم	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	پرہیزگار ہو جائیں	اور نہ	کھاؤ	اپنے مال	آپس میں

اللہ لوگوں کے لئے اپنے حکم، تاکہ وہ پرہیزگار ہو جائیں۔ اور اپنے مال آپس میں نہ کھاؤ

بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ

بِالْبَاطِلِ	وَتُدْلُوْا	بِهَآ	اِلَى الْحُكَّامِ	لِتَاْكُلُوْا	فَرِيْقًا	مِّنْ	اَمْوَالِ	النَّاسِ
ناحق	اور (نہ) پہنچاؤ	اس سے	حاکموں تک	تاکہ تم کھاؤ	کوئی حصہ	سے	مال	لوگ

ناحق، اور اس سے حاکموں تک (رشوت) نہ پہنچاؤ تاکہ تم لوگوں کے مال سے کوئی حصہ کھاؤ

بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ

بِالْاِثْمِ	وَاَنْتُمْ	تَعْلَمُوْنَ	يَسْــَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الْاَهِلَّةِ	قُلْ	هِيَ
گناہ سے	اور تم	جانتے ہو	وہ آپ سے پوچھتے ہیں	سے	نئے چاند	آپ کہہ دیں	یہ

گناہ سے (ناجائز طور پر) اور تم جانتے ہو۔ اور آپ سے نئے چاند کے بارہ میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں یہ

مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ

مَوَاقِيْتُ	لِلنَّاسِ	وَالْحَجِّ	وَلَيْسَ	الْبِرُّ	بِاَنْ	تَاْتُوا	الْبُيُوْتَ	مِنْ
(پیمانہ) اوقات	لوگوں کے لئے	اور حج	اور نہیں	نیکی	یہ کہ	تم آؤ	گھر (جمع)	سے

لوگوں کے لئے اور حج کے لئے (پیمانہ) اوقات ہیں، اور نیکی یہ نہیں کہ تم گھروں میں آؤ

ظُهُوْرِهَا وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ اَبْوَابِهَا ۪

ظُهُوْرِهَا	وَلٰكِنَّ	الْبِرَّ	مَنِ	اتَّقٰى	وَاْتُوا	الْبُيُوْتَ	مِنْ	اَبْوَابِهَا
ان کی پشت	اور لیکن	نیکی	جو	پرہیزگاری کرے	اور تم آؤ	گھر (جمع)	سے	دروازے

ان کی پشت سے، بلکہ نیک وہ ہے جو پرہیزگاری کرے، اور گھروں میں ان کے دروازوں سے آؤ،

وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ

وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	لَعَلَّكُمْ	تُفْلِحُوْنَ	وَقَاتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ	اللّٰهِ	الَّذِيْنَ
اور تم ڈرو	اللہ	تاکہ تم	کامیابی حاصل کرو	اور تم لڑو	میں	راستہ	اللہ	وہ جو کہ

اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم کامیابی حاصل کرو۔ اور تم اللہ کے راستہ میں ان سے لڑو جو

يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾ وَاقْتُلُوْهُمْ

يُقَاتِلُوْنَكُمْ	وَلَا تَعْتَدُوْا	اِنَّ	اللّٰهَ	لَا يُحِبُّ	الْمُعْتَدِيْنَ	وَاقْتُلُوْهُمْ
تم سے لڑتے ہیں	اور زیادتی نہ کرو	بیشک	اللہ	نہیں پسند کرتا	زیادتی کرنے والے	اور انہیں مار ڈالو

تم سے لڑتے ہیں اور زیادتی نہ کرو، بیشک اللہ زیادتی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔ اور انہیں مار ڈالو

حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ وَاَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ اَخْرَجُوْكُمْ وَ

حَيْثُ	ثَقِفْتُمُوْهُمْ	وَ	اَخْرِجُوْهُمْ	مِّنْ	حَيْثُ	اَخْرَجُوْكُمْ	وَ
جہاں	تم انہیں پاؤ	اور	انہیں نکال دو	سے	جہاں	انہوں نے تمہیں نکالا	اور

جہاں انہیں پاؤ اور انہیں نکال دو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا، اور

الْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ ۚ وَلَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

الْفِتْنَةُ	اَشَدُّ	مِنَ	الْقَتْلِ	وَلَا	تُقٰتِلُوْهُمْ	عِنْدَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
فتنہ	زیادہ سنگین	سے	قتل	اور نہ	اُن سے لڑو	پاس	مسجد حرام (خانہ کعبہ)

فتنہ قتل سے زیادہ سنگین ہے، اور اُن سے مسجد حرام (خانہ کعبہ) کے پاس نہ لڑو

حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ۗ كَذٰلِكَ جَزَآءُ

حَتّٰى	يُقٰتِلُوْكُمْ	فِيْهِ	فَاِنْ	قٰتَلُوْكُمْ	فَاقْتُلُوْهُمْ	كَذٰلِكَ	جَزَآءُ
یہانتک کہ	وہ تم سے لڑیں	اس میں	پس اگر	وہ تم سے لڑیں	تو تم ان سے لڑو	اسی طرح	سزا

یہاں تک کہ وہ یہاں تم سے لڑیں، پس اگر وہ تم سے لڑیں تو تم ان سے لڑو، اسی طرح سزا ہے

الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩١﴾ فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٩٢﴾ وَقٰتِلُوْهُمْ

الْكٰفِرِيْنَ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَقٰتِلُوْهُمْ
کافر (جمع)	پھر اگر	وہ باز آجائیں	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اور تم ان سے لڑو

کافروں کی۔ پھر اگر وہ باز آجائیں تو بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ اور تم ان سے لڑو

حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ۗ فَاِنِ انْتَهَوْا فَلَا

حَتّٰى	لَا تَكُوْنَ	فِتْنَةٌ	وَّيَكُوْنَ	الدِّيْنُ	لِلّٰهِ	فَاِنِ	انْتَهَوْا	فَلَا
یہاں تک کہ	نہ رہے	کوئی فتنہ	اور ہو جائے	دین	اللہ کیلئے	پس اگر	وہ باز آجائیں	تو نہیں

یہاں تک کہ کوئی فتنہ نہ رہے اور دین اللہ کے لئے ہو جائے ۔ پس اگر وہ باز آجائیں تو نہیں

عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩٣﴾ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَ

عُدْوَانَ	اِلَّا	عَلَى	الظّٰلِمِيْنَ	اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ	بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ	وَ
زیادتی	سوائے	پر	ظالم (جمع)	حرمت والا مہینہ	بدلہ حرمت والا مہینہ	اور

(کسی پر) زیادتی سوائے ظالموں کے۔ حرمت والا مہینہ بدلہ ہے حرمت والے مہینہ کا، اور

الْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۗ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ

الْحُرُمٰتُ	قِصَاصٌ	فَمَنِ	اعْتَدٰى	عَلَيْكُمْ	فَاعْتَدُوْا	عَلَيْهِ	بِمِثْلِ
حرمتیں	بدلہ	پس جس	زیادتی کی	تم پر	تو تم زیادتی کرو	اس پر	جیسی

حرمتوں کا بدلہ ہے، پس جس نے تم پر زیادتی کی تو تم اس پر زیادتی کرو جیسی

مَا اعْتَدٰی عَلَیْكُمْ ۪ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ

مَعَ	اللّٰهَ	اَنَّ	اعْلَمُوْۤا	وَ	اللّٰهَ	وَ اتَّقُوا	عَلَیْكُمْ	اعْتَدٰی	مَا
ساتھ	اللہ	کہ	جان لو	اور	اللہ	اور تم ڈرو	تم پر	اس نے زیادتی کی	جو

اس نے تم پر زیادتی کی، اور اللہ سے ڈرو، اور جان لو کہ اللہ ساتھ ہے

الْمُتَّقِیْنَ ﴿۱۹۴﴾ وَ اَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ

بِاَیْدِیْكُمْ	تُلْقُوْا	وَلَا	اللّٰهِ	سَبِیْلِ	فِیْ	وَ اَنْفِقُوْا	الْمُتَّقِیْنَ
اپنے ہاتھ	ڈالو	اور نہ	اللہ	راستہ	میں	اور تم خرچ کرو	پرہیزگاروں

پرہیزگاروں کے۔ اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور (اپنے آپ کو) اپنے ہاتھوں نہ ڈالو

اِلَی التَّهْلُكَةِ ۛۚ وَ اَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۱۹۵﴾ وَ اَتِمُّوا

وَ اَتِمُّوا	الْمُحْسِنِیْنَ	یُحِبُّ	اللّٰهَ	اِنَّ	وَ اَحْسِنُوْا	التَّهْلُكَةِ	اِلَی
اور پورا کرو	نیکی کرنے والے	دوست رکھتا ہے	اللہ	بیشک	اور نیکی کرو	ہلاکت	طرف (میں)

ہلاکت میں، اور نیکی کرو، بیشک اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ اور پورا کرو

الْحَجَّ وَ الْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَیْسَرَ مِنَ الْهَدْیِ ۚ

الْهَدْیِ	مِنَ	اسْتَیْسَرَ	فَمَا	اُحْصِرْتُمْ	فَاِنْ	لِلّٰهِ	وَ الْعُمْرَةَ	الْحَجَّ
قربانی	سے	میسر آئے	تو جو	تم روک دیئے جاؤ	پھر اگر	اللہ کے لئے	اور عمرہ	حج

حج اور عمرہ اللہ کے لئے، پھر اگر تم روک دیئے جاؤ تو جو قربانی میسر آئے (پیش کرو)

وَ لَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰی یَبْلُغَ الْهَدْیُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ كَانَ

كَانَ	فَمَنْ	مَحِلَّهٗ	الْهَدْیُ	یَبْلُغَ	حَتّٰی	رُءُوْسَكُمْ	تَحْلِقُوْا	وَلَا
ہو	پس جو	اپنی جگہ	قربانی	پہنچ جائے	یہاں تک	اپنے سر	منڈاؤ	اور نہ

اور اپنے سر نہ منڈاؤ یہاں تک کہ قربانی اپنی جگہ پہنچ جائے، پھر جو کوئی

مِنْكُمْ مَّرِیْضًا اَوْ بِهٖۤ اَذًی مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْیَةٌ مِّنْ صِیَامٍ اَوْ

اَوْ	صِیَامٍ	مِنْ	فَفِدْیَةٌ	رَّاْسِهٖ	مِنْ	اَذًی	بِهٖ	اَوْ	مَّرِیْضًا	مِنْكُمْ
یا	روزہ	سے	تو بدلہ	اس کا سر	سے	تکلیف	اسکے	یا	بیمار	تم میں سے

تم میں سے بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو تو وہ بدلہ دے روزہ سے یا

صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۥ وقفہ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى

صَدَقَةٍ	اَوْ	نُسُكٍ	فَاِذَآ	اَمِنْتُمْ	فَمَنْ	تَمَتَّعَ	بِالْعُمْرَةِ	اِلَى
صدقہ	یا	قربانی	پھر جب	تم امن میں ہو	تو جو	فائدہ اٹھائے	ساتھ۔عمرہ	تک

صدقہ سے یا قربانی سے، پھر جب تم امن میں ہو تو جو فائدہ اٹھائے حج کے ساتھ عمرہ (ملا کر)

الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ

الْحَجِّ	فَمَا	اسْتَيْسَرَ	مِنَ الْهَدْيِ	فَمَنْ	لَّمْ يَجِدْ	فَصِيَامُ	ثَلٰثَةِ
حج	تو جو	میسر آئے	سے۔قربانی	پھر جو	نہ پائے	تو روزہ رکھے	تین

تو اسے جو قربانی میسر آئے (دیدے)، پھر جو نہ پائے تو وہ روزے رکھ لے تین

اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ

اَيَّامٍ	فِي الْحَجِّ	وَسَبْعَةٍ	اِذَا رَجَعْتُمْ	تِلْكَ	عَشَرَةٌ	كَامِلَةٌ	ذٰلِكَ
دن	حج میں	اور سات	جب تم واپس آجاؤ	یہ	دس	پورے	یہ

دن کے حج (کے ایام) میں اور سات جب تم واپس آجاؤ، یہ دس پورے ہوئے، یہ

لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

لِمَنْ	لَّمْ يَكُنْ	اَهْلُهٗ	حَاضِرِي	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ
لئے جو	نہ ہوں	اسکے گھر والے	موجود	مسجد حرام	اور تم ڈرو	اللہ	اور

اس کے لئے ہے جس کے گھر والے مسجد حرام میں موجود نہ ہوں (نہ رہتے ہوں)، اور تم اللہ سے ڈرو اور

۲۴ ع ۸ ۸

اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿١٩٦﴾ اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ

اعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	شَدِيْدُ	الْعِقَابِ	اَلْحَجُّ	اَشْهُرٌ	مَّعْلُوْمٰتٌ	فَمَنْ
جان لو	کہ	اللہ	سخت	عذاب	حج	مہینے	معلوم (مقرر)	پس جس نے

جان لو کہ اللہ سخت عذاب والا ہے۔ حج کے مہینے مقرر ہیں، پس جس نے

فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ؕ

فَرَضَ	فِيْهِنَّ	الْحَجَّ	فَلَا	رَفَثَ	وَلَا فُسُوْقَ	وَلَا	جِدَالَ	فِي الْحَجِّ
لازم کر لیا	ان میں	حج	تو نہ	بے پردہ ہو	اور نہ گالی دے	اور نہ	جھگڑا	حج میں

ان میں حج لازم کر لیا تو وہ نہ بے پردہ ہو، نہ گالی دے، نہ جھگڑا کرے حج میں

وقف النبی صلی اللہ علیہ وسلم

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ

وَمَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	يَّعْلَمْهُ	اللّٰهُ	وَتَزَوَّدُوْا	فَاِنَّ	خَيْرَ
اور جو	تم کرو گے	نیکی سے	اسے جانتا ہے	اللہ	اور تم زادِ راہ لے لیا کرو	پس بیشک	بہتر

اور تم جو نیکی کرو گے اللہ اسے جانتا ہے، اور تم زادِ راہ لے لیا کرو، پس بے شک بہتر

الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿١٩٧﴾ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

الزَّادِ	التَّقْوٰى	وَاتَّقُوْنِ	يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ	لَيْسَ	عَلَيْكُمْ	جُنَاحٌ
زادِ راہ	تقویٰ	اور مجھ سے ڈرو	اے عقل والو	نہیں	تم پر	کوئی گناہ

زادِ راہ تقویٰ ہے، اور اے عقل والو! مجھ سے ڈرتے رہو۔ تم پر کوئی گناہ نہیں

اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ مِّنْ عَرَفٰتٍ

اَنْ	تَبْتَغُوْا	فَضْلًا	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	فَاِذَآ	اَفَضْتُمْ	مِّنْ	عَرَفٰتٍ
اگر تم	تلاش کرو	فضل	سے	اپنا رب	پھر جب	تم لوٹو	سے	عرفات

اگر تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو (تجارت کرو)، پھر جب تم عرفات سے لوٹو

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا هَدٰىكُمْ ۚ

فَاذْكُرُوْا	اللّٰهَ	عِنْدَ	الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ	وَاذْكُرُوْهُ	كَمَا	هَدٰىكُمْ
تو یاد کرو	اللہ	نزدیک	مشعرِ حرام	اور اسے یاد کرو	جیسے	اسنے تمہیں ہدایت دی

تو اللہ کو یاد کرو مشعرِ حرام کے نزدیک (مزدلفہ میں)، اور اللہ کو یاد کرو جیسے اس نے تمہیں ہدایت دی

وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿١٩٨﴾ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ

وَاِنْ	كُنْتُمْ	مِّنْ قَبْلِهٖ	لَمِنَ	الضَّآلِّيْنَ	ثُمَّ	اَفِيْضُوْا	مِنْ حَيْثُ
اور اگر	تم تھے	اس سے پہلے	ضرور سے	ناواقف	پھر	تم لوٹو	سے۔ جہاں

اور اگر اس سے پہلے تم ناواقفوں میں سے تھے۔ پھر تم لوٹو جہاں سے

اَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٩٩﴾ فَاِذَا

اَفَاضَ	النَّاسُ	وَاسْتَغْفِرُوا	اللّٰهَ	اِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	فَاِذَا
لوٹیں	لوگ	اور مغفرت چاہو	اللہ	بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	پھر جب

لوگ لوٹیں، اور اللہ سے مغفرت چاہو، بیشک اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے پھر جب

قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ

قَضَيْتُمْ	مَنَاسِكَكُمْ	فَاذْكُرُوا	اللّٰهَ	كَذِكْرِكُمْ	اٰبَآءَكُمْ	اَوْ	اَشَدَّ
تم ادا کر چکو	حج کے مراسم	تو یاد کرو	اللہ	جیسی تمہاری یاد	اپنے باپ دادا	یا	زیادہ

تم حج کے مراسم ادا کر چکو تو اللہ کو یاد کرو جیسے کہ تم اپنے باپ دادا کو یاد کرتے تھے یا اس سے بھی زیادہ

ذِكْرًا ۭ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ

ذِكْرًا	فَمِنَ النَّاسِ	مَنْ	يَّقُوْلُ	رَبَّنَا	اٰتِنَا	فِي	الدُّنْيَا	وَمَا	لَهٗ
یاد	پس - سے - آدمی	جو	کہتا ہے	اے ہمارے رب	ہمیں دے	میں	دنیا	اور نہیں	اسکے لئے

یاد کرو، پس کوئی آدمی کہتا ہے اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں (بھلائی) دے اور اس کے لئے نہیں ہے

فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝٢٠٠ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا

فِي	الْاٰخِرَةِ	مِنْ خَلَاقٍ	وَمِنْهُمْ	مَنْ	يَّقُوْلُ	رَبَّنَآ	اٰتِنَا	فِي الدُّنْيَا
میں	آخرت	کچھ حصہ	اور ان سے	جو	کہتا ہے	اے ہمارے رب	ہمیں دے	دنیا میں

آخرت میں کچھ حصہ۔ اور ان میں سے جو کوئی کہتا ہے اے ہمارے رب! ہمیں دے دنیا میں

حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝٢٠١ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ

حَسَنَةً	وَّفِي الْاٰخِرَةِ	حَسَنَةً	وَّقِنَا	عَذَابَ	النَّارِ	اُولٰۗىِٕكَ	لَهُمْ
بھلائی	اور آخرت میں	بھلائی	اور ہمیں بچا	عذاب	آگ (دوزخ)	یہی لوگ	ان کے لئے

بھلائی اور آخرت میں بھلائی، اور دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔ یہی لوگ ہیں ان کے لئے

نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ۭ وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝٢٠٢ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ

نَصِيْبٌ	مِّمَّا	كَسَبُوْا	وَاللّٰهُ	سَرِيْعُ	الْحِسَابِ	وَاذْكُرُوا	اللّٰهَ
حصہ	اس سے جو	انہوں نے کمایا	اور اللہ	جلد	حساب لینے والا	اور تم یاد رکھو	اللہ

حصہ ہے اس میں سے جو انہوں نے کمایا، اور اللہ جلد حساب لینے والا ہے۔ اور تم اللہ کو یاد کرو

فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ ۭ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ

فِيْٓ	اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ	فَمَنْ	تَعَجَّلَ	فِيْ	يَوْمَيْنِ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ
میں	دن - گنتی کے	پس جو	جلد چلا گیا	میں	دو دن	تو نہیں	گناہ	اس پر

گنتی کے چند (مقررہ) دنوں میں، پس جو دو دن جلدی چلا گیا تو اس پر کوئی گناہ نہیں

وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا

وَمَنْ	تَاَخَّرَ	فَلَآ	اِثْمَ	عَلَيْهِ	لِمَنِ	اتَّقٰى	وَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَاعْلَمُوْٓا
اور جس	تاخیر کی	تو نہیں	گناہ	اس پر	لئے۔ جو	ڈرتا رہا	اور تم ڈرو	اللہ	اور جان لو

اور جس نے تاخیر کی اس پر کوئی گناہ نہیں (یہ اس کے لئے ہے) جو ڈرتا رہا، اور تم اللہ سے ڈرو، اور جان لو

اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِى

اَنَّكُمْ	اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ	وَمِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يُّعْجِبُكَ	قَوْلُهٗ	فِى
کہ تم	اس کی طرف	جمع کئے جاؤ گے	اور سے	لوگ	جو	تمہیں بھلی معلوم ہوتی ہے	اسکی بات	میں

کہ تم اس کی طرف جمع کئے جاؤ گے۔ اور لوگوں میں (کوئی ایسا بھی ہے) کہ اس کی بات تمہیں بھلی معلوم ہوتی ہے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِىْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾

الْحَيٰوةِ	الدُّنْيَا	وَيُشْهِدُ	اللّٰهَ	عَلٰى	مَا	فِىْ قَلْبِهٖ	وَهُوَ	اَلَدُّ	الْخِصَامِ
زندگی	دنیا	اور وہ گواہ بناتا ہے	اللہ	پر	جو	اس کے دل میں	حالانکہ وہ	سخت	جھگڑالو

دنیوی زندگی (کے امور) میں اور وہ اللہ کو گواہ بناتا ہے اپنے دل کی بات پر، حالانکہ وہ سخت جھگڑالو ہے۔

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِى الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ

وَاِذَا	تَوَلّٰى	سَعٰى	فِى	الْاَرْضِ	لِيُفْسِدَ	فِيْهَا	وَيُهْلِكَ	الْحَرْثَ
اور جب	وہ لوٹے	دوڑتا پھرے	میں	زمین	تاکہ فساد کرے	اس میں	اور تباہ کرے	کھیتی

اور جب وہ لوٹے تو زمین (ملک) میں دوڑتا پھرے تاکہ اس میں فساد کرے، اور تباہ کرے کھیتی

وَالنَّسْلَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ

وَ	النَّسْلَ	وَاللّٰهُ	لَا يُحِبُّ	الْفَسَادَ	وَاِذَا	قِيْلَ	لَهُ	اتَّقِ	اللّٰهَ
اور	نسل	اور اللہ	ناپسند کرتا ہے	فساد	اور جب	کہا جائے	اس کو	ڈر	اللہ

اور نسل، اور اللہ فساد کو ناپسند کرتا ہے۔ اور جب اس کو کہا جائے کہ اللہ سے ڈر،

اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾ وَ

اَخَذَتْهُ	الْعِزَّةُ	بِالْاِثْمِ	فَحَسْبُهٗ	جَهَنَّمُ	وَلَبِئْسَ	الْمِهَادُ	وَ
اسے آمادہ کرے	عزت (غرور)	گناہ پر	تو کافی ہے اسکو	جہنم	اور البتہ برا	ٹھکانا	اور

تو اس کو عزت (غرور) گناہ پر آمادہ کرے تو اس کے لئے جہنم کافی ہے، اور البتہ وہ برا ٹھکانا ہے۔

مِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

مِنَ	النَّاسِ	مَنْ	يَّشْرِيْ	نَفْسَهُ	ابْتِغَآءَ	مَرْضَاتِ	اللّٰهِ	وَاللّٰهُ
سے	لوگ	جو	بیچ ڈالتا ہے	اپنی جان	حاصل کرنا	رضا	اللہ	اور اللہ

اور لوگوں میں (ایک وہ ہے) جو اپنی جان بیچ ڈالتا ہے اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لئے، اور اللہ

رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي السِّلْمِ كَآفَّةً

رَءُوْفٌ	بِالْعِبَادِ	يٰٓاَيُّهَا	الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	ادْخُلُوْا	فِي	السِّلْمِ	كَآفَّةً
مہربان	بندوں پر	اے	جو لوگ ایمان لائے	تم داخل ہو جاؤ	میں	اسلام	پورے پورے

بندوں پر مہربان ہے۔ اے ایمان والو! تم اسلام میں پورے پورے داخل ہو جاؤ،

وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾

وَ	لَا تَتَّبِعُوْا	خُطُوٰتِ	الشَّيْطٰنِ	اِنَّهٗ	لَكُمْ	عَدُوٌّ	مُّبِيْنٌ
اور	نہ پیروی کرو	قدم	شیطان	بیشک وہ	تمہارا	دشمن	کھلا

اور شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو، بیشک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

فَاِنْ	زَلَلْتُمْ	مِّنْۢ بَعْدِ	مَا	جَآءَتْكُمُ	الْبَيِّنٰتُ	فَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
پھر اگر	تم ڈگمگا گئے	اس کے بعد	جو	تمہارے پاس آئے	واضح احکام	تو جان لو	کہ	اللہ

پھر اگر تم اس کے بعد ڈگمگا گئے جبکہ تمہارے پاس واضح احکام آ گئے، تو جان لو کہ اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾ هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ

عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	هَلْ	يَنْظُرُوْنَ	اِلَّآ	اَنْ	يَّاْتِيَهُمُ	اللّٰهُ	فِيْ ظُلَلٍ	مِّنَ
غالب	حکمت والا	کیا	وہ انتظار کرتے ہیں	سوائے (یہی)	کہ	آئے انکے پاس	اللہ	سائبانوں میں	سے

غالب، حکمت والا ہے۔ کیا وہ صرف (یہ) انتظار کرتے ہیں کہ اللہ ان کے پاس آئے سائبانوں میں

۲۵ ع ۱۴ ۹

الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ سَلْ

الْغَمَامِ	وَالْمَلٰٓئِكَةُ	وَقُضِيَ	الْاَمْرُ	وَاِلَى	اللّٰهِ	تُرْجَعُ	الْاُمُوْرُ	سَلْ
بادل	اور فرشتے	اور طے ہو جائے	قصہ	اور طرف	اللہ	لوٹیں گے	تمام کام	پوچھو

بادل کے، اور فرشتے، اور قصہ طے ہو جائے، اور تمام کام اللہ کی طرف لوٹیں گے۔ پوچھو

بَنِيٓ إِسۡرَآءِيلَ كَمۡ ءَاتَيۡنَٰهُم مِّنۡ ءَايَةِۭ بَيِّنَةٖۗ وَمَن يُبَدِّلۡ نِعۡمَةَ

بَنِيٓ إِسۡرَآءِيلَ	كَمۡ	ءَاتَيۡنَٰهُم	مِّنۡ	ءَايَةِۭ	بَيِّنَةٖ	وَ	مَن	يُبَدِّلۡ	نِعۡمَةَ
بنی اسرائیل	کس قدر	ہم نے انہیں دیں	سے	نشانیاں	کھلی	اور	جو	بدل ڈالے	نعمت

بنی اسرائیل سے ہم نے انہیں کتنی کھلی نشانیاں دیں؟ اور جو اللہ کی نعمت بدل ڈالے

ٱللَّهِ مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡهُ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلۡعِقَابِ ٢١١ زُيِّنَ

ٱللَّهِ	مِنۢ بَعۡدِ	مَا	جَآءَتۡهُ	فَإِنَّ	ٱللَّهَ	شَدِيدُ	ٱلۡعِقَابِ	زُيِّنَ
اللہ	اس کے بعد	جو	آئی اس کے پاس	تو بیشک	اللہ	سخت	عذاب	آراستہ کی گئی

اس کے بعد کہ وہ اس کے پاس آگئی، تو بیشک اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔ آراستہ کی گئی

لِلَّذِينَ كَفَرُواْ ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَا وَيَسۡخَرُونَ مِنَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

لِلَّذِينَ	كَفَرُواْ	ٱلۡحَيَوٰةُ	ٱلدُّنۡيَا	وَيَسۡخَرُونَ	مِنَ	ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ
وہ لوگ جو	کفر کیا	زندگی	دنیا	اور وہ ہنستے ہیں	سے	جو لوگ	ایمان لائے

کافروں کے لئے دنیا کی زندگی اور وہ ہنستے ہیں ان پر جو ایمان لائے۔

وَٱلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ فَوۡقَهُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۗ وَٱللَّهُ يَرۡزُقُ مَن يَشَآءُ بِغَيۡرِ

وَٱلَّذِينَ	ٱتَّقَوۡاْ	فَوۡقَهُمۡ	يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ	وَٱللَّهُ	يَرۡزُقُ	مَن	يَشَآءُ	بِغَيۡرِ
اور جو لوگ	پرہیزگار ہوئے	ان سے بالاتر	قیامت کے دن	اور اللہ	رزق دیتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	بے

اور جو پرہیزگار ہوئے وہ قیامت کے دن اُن سے بالاتر ہوں گے اور اللہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے

حِسَابٖ ٢١٢ كَانَ ٱلنَّاسُ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ قف فَبَعَثَ ٱللَّهُ ٱلنَّبِيِّـۧنَ

حِسَابٖ	كَانَ	ٱلنَّاسُ	أُمَّةٗ	وَٰحِدَةٗ	فَبَعَثَ	ٱللَّهُ	ٱلنَّبِيِّـۧنَ
شمار	تھے	لوگ	امت	ایک	پھر بھیجے	اللہ	نبی

بے شمار۔ لوگ ایک امت تھے پھر اللہ نے نبی بھیجے

مُبَشِّرِينَ وَمُنذِرِينَ وَأَنزَلَ مَعَهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ بِٱلۡحَقِّ لِيَحۡكُمَ

مُبَشِّرِينَ	وَ	مُنذِرِينَ	وَأَنزَلَ	مَعَهُمُ	ٱلۡكِتَٰبَ	بِٱلۡحَقِّ	لِيَحۡكُمَ
خوشخبری دینے والے	اور	ڈرانے والے	اور نازل کی	ان کے ساتھ	کتاب	برحق	تاکہ فیصلہ کرے

خوشخبری دینے والے اور ڈرانے والے، اور اُن کے ساتھ برحق کتاب نازل کی تاکہ فیصلہ کرے

بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۭ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ

بَيْنَ	النَّاسِ	فِيْمَا	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	وَمَا	اخْتَلَفَ	فِيْهِ	اِلَّا	الَّذِيْنَ	اُوْتُوْهُ
درمیان	لوگ	جس میں	انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	اور نہیں	اختلاف کیا	اس میں	مگر	جنہیں	دی گئی

لوگوں کے درمیان جس میں انہوں نے اختلاف کیا، اور جنہیں (کتاب) دی گئی تھی انہوں نے اختلاف نہیں کیا، مگر

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْھُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَھُمْ ۚ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ

مِنْۢ بَعْدِ	مَا	جَاۗءَتْھُمُ	الْبَيِّنٰتُ	بَغْيًۢا	بَيْنَھُمْ	فَهَدَى	اللّٰهُ	الَّذِيْنَ
بعد	جو۔جب	آئے ان کے پاس	واضح حکم	ضد	انکے درمیان (آپس کی)	پس ہدایت دی	اللہ	جو لوگ

اس کے بعد جبکہ ان کے پاس واضح احکام آگئے آپس کی ضد کی وجہ سے، پس اللہ نے ان لوگوں کو ہدایت دی جو

اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ

اٰمَنُوْا	لِمَا	اخْتَلَفُوْا	فِيْهِ	مِنَ	الْحَقِّ	بِاِذْنِهٖ	وَاللّٰهُ	يَهْدِيْ	مَنْ
ایمان لائے	لئے۔جو	انہوں نے اختلاف کیا	اس میں	سے (پر)	سچ	اپنے اذن سے	اور اللہ	ہدایت دیتا ہے	جسے

ایمان لائے اس سچی بات پر جس میں انہوں نے اختلاف کیا تھا اپنے اذن سے اور اللہ ہدایت دیتا ہے جسے

يَّشَاۗءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ

يَّشَاۗءُ	اِلٰى	صِرَاطٍ	مُّسْتَقِيْمٍ	اَمْ	حَسِبْتُمْ	اَنْ	تَدْخُلُوا	الْجَنَّةَ
وہ چاہتا ہے	طرف	راستہ	سیدھا	کیا	تم خیال کرتے ہو	کہ	تم داخل ہو جاؤ گے	جنت

وہ چاہتا ہے سیدھے راستہ کی طرف۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ جنت میں داخل ہو جاؤ گے؟

وَلَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ۭ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَاۗءُ وَ

وَلَمَّا	يَاْتِكُمْ	مَّثَلُ	الَّذِيْنَ	خَلَوْا	مِنْ	قَبْلِكُمْ	مَسَّتْهُمُ	الْبَاْسَاۗءُ	وَ
اور جبکہ نہیں	آئی تم پر	جیسے	جو	گزرے	سے	تم سے پہلے	پہنچی انہیں	سختی	اور

اور جبکہ (ابھی) تم پر (ایسی حالت) نہیں آئی جیسے تم سے پہلے لوگوں پر گزری، انہیں پہنچی سختی اور

الضَّرَّاۗءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ

الضَّرَّاۗءُ	وَزُلْزِلُوْا	حَتّٰى	يَقُوْلَ	الرَّسُوْلُ	وَالَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	مَعَهٗ
تکلیف	اور وہ ہلا دیئے گئے	یہاں تک	کہنے لگے	رسول	اور وہ جو	ایمان لائے	انکے ساتھ

تکلیف اور وہ ہلا دیئے گئے، یہاں تک کہ رسول اور وہ جو ان کے ساتھ ایمان لائے کہنے لگے

مَتٰی نَصْرُ اللّٰهِ ۭ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾ يَسْــَٔـلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ڛ

مَتٰی	نَصْرُ اللّٰهِ	اَلَآ	اِنَّ	نَصْرَ	اللّٰهِ	قَرِيْبٌ	يَسْــَٔـلُوْنَكَ	مَاذَا	يُنْفِقُوْنَ
کب	اللہ کی مدد	آگاہ رہو	بیشک	مدد	اللہ	قریب	وہ آپ سے پوچھتے ہیں	کیا کچھ	خرچ کریں

اللہ کی مدد کب آئے گی ؟ آگاہ رہو بیشک اللہ کی مدد قریب ہے۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں کیا کچھ خرچ کریں ؟

قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ وَالْيَتٰمٰى وَ

قُلْ	مَآ	اَنْفَقْتُمْ	مِّنْ	خَيْرٍ	فَلِلْوَالِدَيْنِ	وَالْاَقْرَبِيْنَ	وَالْيَتٰمٰى	وَ
آپ کہہ دیں	جو	تم خرچ کرو	سے	مال	سو ماں باپ کے لئے	اور قرابتدار (جمع)	اور یتیم (جمع)	اور

آپ کہہ دیں جو مال تم خرچ کرو، سو ماں باپ کے لئے، اور قرابت داروں کے لئے، اور یتیموں اور

الْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۭ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ

الْمَسٰكِيْنِ	وَابْنِ السَّبِيْلِ	وَمَا	تَفْعَلُوْا	مِنْ خَيْرٍ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	بِهٖ
محتاج (جمع)	اور مسافر	اور جو	تم کرو گے	کوئی نیکی	تو بیشک	اللہ	اسے

محتاجوں اور مسافروں کے لئے، اور تم جو نیکی کرو گے تو بیشک اللہ اسے

عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَھُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ

عَلِيْمٌ	كُتِبَ عَلَيْكُمُ	الْقِتَالُ	وَھُوَ	كُرْهٌ	لَّكُمْ	وَعَسٰٓى	اَنْ
جاننے والا	تم پر فرض کی گئی	جنگ	اور وہ	ناگوار	تمہارے لئے	اور ممکن ہے	کہ

جاننے والا ہے۔ تم پر جنگ فرض کی گئی اور وہ تمہیں ناگوار ہے، اور ممکن ہے کہ

تَكْرَهُوْا شَيْـــًٔـا وَّھُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـــًٔـا وَّھُوَ

تَكْرَهُوْا	شَيْـــًٔـا	وَّھُوَ	خَيْرٌ	لَّكُمْ	وَعَسٰٓى	اَنْ	تُحِبُّوْا	شَيْـــًٔـا	وَّھُوَ
تم ناپسند کرو	ایک چیز	اور وہ	بہتر	تمہارے لئے	اور ممکن ہے	کہ	تم پسند کرو	ایک چیز	اور وہ

تم ایک چیز ناپسند کرو اور وہ تمہارے لئے بہتر ہو، اور ممکن ہے کہ تم ایک چیز پسند کرو اور وہ

شَرٌّ لَّكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ يَسْــَٔـلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ

شَرٌّ	لَّكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا تَعْلَمُوْنَ	يَسْــَٔـلُوْنَكَ	عَنِ	الشَّهْرِ الْحَرَامِ
بُری	تمہارے لئے	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے	وہ آپ سے سوال کرتے ہیں	سے	مہینہ حرمت والا

تمہارے لئے بُری ہو، اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ وہ آپ سے سوال کرتے ہیں حرمت والے مہینہ

۲۶ ع۶ ۱۰

قِتَالٍ فِيْهِ ۭ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ۭ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيْلِ

قِتَالٍ	فِيْهِ	قُلْ	قِتَالٌ	فِيْهِ	كَبِيْرٌ	وَصَدٌّ	عَنْ	سَبِيْلِ
جنگ	اس میں	آپ کہہ دیں	جنگ	اس میں	بڑا	اور روکنا	سے	راستہ

میں جنگ (کے بارے) میں، آپ کہہ دیں اس میں جنگ کرنا بڑا (گناہ) ہے، اور اللہ کے راستہ سے روکنا

اللّٰهِ وَكُفْرٌۢ بِهٖ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۤ وَاِخْرَاجُ اَهْلِهٖ مِنْهُ

اللّٰهِ	وَكُفْرٌ	بِهٖ	وَ	الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	وَاِخْرَاجُ	اَهْلِهٖ	مِنْهُ
اللہ	اور نہ ماننا	اس کا	اور	مسجد حرام	اور نکال دینا	اس کے لوگ	اس سے

اور اس کو (اللہ کو) نہ ماننا اور مسجد حرام (سے روکنا) اور اس کے لوگوں کو وہاں سے نکالنا

اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۭ وَلَا يَزَالُوْنَ يُقَاتِلُوْنَكُمْ

اَكْبَرُ	عِنْدَ	اللّٰهِ	وَالْفِتْنَةُ	اَكْبَرُ	مِنَ	الْقَتْلِ	وَلَا يَزَالُوْنَ	يُقَاتِلُوْنَكُمْ
بہت بڑا	نزدیک	اللہ	اور فتنہ	بہت بڑا	سے	قتل	اور وہ ہمیشہ رہیں گے	وہ تم سے لڑیں گے

اللہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے، اور فتنہ قتل سے (بھی) بڑا گناہ ہے اور وہ ہمیشہ تم سے لڑتے رہیں گے

حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ۭ وَمَنْ يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ

حَتّٰى	يَرُدُّوْكُمْ	عَنْ	دِيْنِكُمْ	اِنِ	اسْتَطَاعُوْا	وَمَنْ	يَّرْتَدِدْ	مِنْكُمْ
یہاں تک کہ	تمہیں پھیر دیں	سے	تمہارا دین	اگر	وہ کر سکیں	اور جو	پھر جائے	تم میں سے

یہاں تک کہ اگر وہ کر سکیں تو تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں، اور تم میں سے جو پھر جائے

عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَاُولٰۗىِٕكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ

عَنْ	دِيْنِهٖ	فَيَمُتْ	وَهُوَ	كَافِرٌ	فَاُولٰۗىِٕكَ	حَبِطَتْ	اَعْمَالُهُمْ
سے	اپنا دین	پھر مر جائے	اور وہ	کافر	تو یہی لوگ	ضائع ہو گئے	ان کے عمل

اپنے دین سے اور وہ مر جائے (اس حال میں کہ) وہ کافر ہو تو یہی لوگ ہیں جن کے عمل ضائع ہو گئے

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾

فِي	الدُّنْيَا	وَ	الْاٰخِرَةِ	وَاُولٰۗىِٕكَ	اَصْحٰبُ النَّارِ	هُمْ	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ
میں	دنیا	اور	آخرت	اور یہی لوگ	دوزخ والے	وہ	اس میں	ہمیشہ رہیں گے

دنیا میں اور آخرت میں، اور یہی لوگ دوزخ والے ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ ۙ

إِنَّ	الَّذِينَ	آمَنُوا	وَالَّذِينَ	هَاجَرُوا	وَجَاهَدُوا	فِي	سَبِيلِ اللَّهِ
بیشک	جو لوگ	ایمان لائے	اور وہ لوگ جو	انہوں نے ہجرت کی	اور انہوں نے جہاد کیا	میں	اللہ کا راستہ

بے شک جو ایمان لائے، اور جن لوگوں نے ہجرت کی، اور اللہ کے راستہ میں جہاد کیا

أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ ۚ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ ﴿٢١٨﴾ يَسْأَلُونَكَ عَنِ

أُولَٰئِكَ	يَرْجُونَ	رَحْمَتَ اللَّهِ	وَاللَّهُ	غَفُورٌ	رَحِيمٌ	يَسْأَلُونَكَ	عَنِ
یہی لوگ	امید رکھتے ہیں	اللہ کی رحمت	اور اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	وہ پوچھتے ہیں آپ سے	سے (بارہ)

یہی لوگ اللہ کی رحمت کی امید رکھتے ہیں، اور اللہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ وہ آپ سے پوچھتے ہیں

الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيهِمَا إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا

الْخَمْرِ	وَالْمَيْسِرِ	قُلْ	فِيهِمَا	إِثْمٌ	كَبِيرٌ	وَمَنَافِعُ	لِلنَّاسِ	وَإِثْمُهُمَا
شراب	اور جوا	آپ کہدیں	ان دونوں میں	گناہ	بڑا	اور فائدے	لوگوں کے لئے	اور ان دونوں کا گناہ

شراب اور جوئے کے بارے میں، آپ کہدیں کہ ان دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کیلئے فائدے بھی ہیں، لیکن، ان کا گناہ

أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا ۗ وَيَسْأَلُونَكَ مَاذَا يُنْفِقُونَ قُلِ الْعَفْوَ ۗ

أَكْبَرُ	مِنْ	نَفْعِهِمَا	وَيَسْأَلُونَكَ	مَاذَا	يُنْفِقُونَ	قُلِ	الْعَفْوَ
بہت بڑا	سے	ان کا فائدہ	اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے	کیا کچھ	وہ خرچ کریں	آپ کہدیں	زائد از ضرورت

ان کے فائدے سے بہت بڑا ہے، اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں کہ وہ کیا کچھ خرچ کریں؟ آپ کہدیں زائد از ضرورت،

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ﴿٢١٩﴾ فِي الدُّنْيَا

كَذَٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللَّهُ	لَكُمُ	الْآيَاتِ	لَعَلَّكُمْ	تَتَفَكَّرُونَ	فِي الدُّنْيَا
اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	احکام	تاکہ تم	غور و فکر کرو	دنیا میں

اسی طرح اللہ تمہارے لئے احکام واضح کرتا ہے تاکہ تم غور و فکر کرو دنیا میں

وَالْآخِرَةِ ۗ وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَىٰ ۖ قُلْ إِصْلَاحٌ لَهُمْ خَيْرٌ ۖ وَإِنْ

وَالْآخِرَةِ	وَيَسْأَلُونَكَ	عَنِ	الْيَتَامَىٰ	قُلْ	إِصْلَاحٌ	لَهُمْ	خَيْرٌ	وَإِنْ
اور آخرت	اور وہ آپ سے پوچھتے ہیں	سے (بارہ) میں	یتیم (جمع)	آپ کہدیں	اصلاح	ان کی	بہتر	اور اگر

اور آخرت میں، اور وہ آپ سے یتیموں کے بارہ میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں ان کی اصلاح بہتر ہے، اور اگر

تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ ۭ وَلَوْ

تُخَالِطُوْهُمْ	فَاِخْوَانُكُمْ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	الْمُفْسِدَ	مِنَ	الْمُصْلِحِ	وَلَوْ
ملالو ان کو	تو بھائی تمہارے	اور اللہ	جانتا ہے	خرابی کرنے والا	سے (کو)	اصلاح کرنیوالا	اور اگر

ان کو (اپنے ساتھ) ملالو تو وہ تمہارے بھائی ہیں، اور اللہ خرابی کرنیوالے اور اصلاح کرنے والے کو خوب جانتا ہے ؛ اور اگر

شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ

شَاۗءَ	اللّٰهُ	لَاَعْنَتَكُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	وَ	لَا تَنْكِحُوا	الْمُشْرِكٰتِ
چاہتا	اللہ	ضرور مشقت میں ڈالتا تم کو	بیشک	اللہ	غالب	حکمت والا	اور	نہ نکاح کرو	مشرک عورتیں

اللہ چاہتا تو تم کو ضرور مشقت میں ڈال دیتا، بیشک اللہ غالب، حکمت والا ہے ؛ اور مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو

حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۭ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ

حَتّٰى	يُؤْمِنَّ	وَلَاَمَةٌ	مُؤْمِنَةٌ	خَيْرٌ	مِنْ	مُشْرِكَةٍ	وَلَوْ	اَعْجَبَتْكُمْ
یہاں تک کہ	وہ ایمان لائیں	اور البتہ لونڈی	مسلمان	بہتر	سے	مشرک عورت	اگرچہ	وہ بھلی لگے تمہیں

یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں، اور البتہ مسلمان لونڈی کسی مشرک عورت سے بہتر ہے اگرچہ تمہیں وہ بھلی لگے،

وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۭ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ

وَلَا تُنْكِحُوا	الْمُشْرِكِيْنَ	حَتّٰى	يُؤْمِنُوْا	وَلَعَبْدٌ	مُؤْمِنٌ	خَيْرٌ	مِنْ
اور نہ نکاح کرو	مشرکوں	یہانتک کہ	وہ ایمان لائیں	اور البتہ غلام	مسلمان	بہتر	سے

اور مشرکوں سے نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لائیں، اور البتہ مسلمان غلام بہتر ہے

مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۭ اُولٰۗىِٕكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ښ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا

مُشْرِكٍ	وَلَوْ	اَعْجَبَكُمْ	اُولٰۗىِٕكَ	يَدْعُوْنَ	اِلَى النَّارِ	وَاللّٰهُ	يَدْعُوْا
مشرک	اگرچہ	وہ بھلا لگے تمہیں	وہی لوگ	بلاتے ہیں	دوزخ کی طرف	اور اللہ	بلاتا ہے

مشرک سے اگرچہ وہ تمہیں بھلا لگے، وہی لوگ دوزخ کی طرف بلاتے ہیں ؛ اور اللہ بلاتا ہے

ع ۲۷ ۵ ۱۱

اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾

اِلَى الْجَنَّةِ	وَالْمَغْفِرَةِ	بِاِذْنِهٖ	وَيُبَيِّنُ	اٰيٰتِهٖ	لِلنَّاسِ	لَعَلَّهُمْ	يَتَذَكَّرُوْنَ
جنت کی طرف	اور بخشش	اپنے حکم سے	اور واضح کرتا ہے	اپنے احکام	لوگوں کے لئے	تاکہ وہ	نصیحت پکڑیں

اپنے حکم سے جنت اور بخشش کی طرف، اور لوگوں کے لئے اپنے احکام واضح کرتا ہے تاکہ وہ نصیحت پکڑیں ۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ۭ قُلْ هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاۗءَ

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ	عَنِ	الْمَحِيْضِ	قُلْ	هُوَ	اَذًى	فَاعْتَزِلُوْا	النِّسَاۗءَ
اور وہ پوچھتے ہیں آپ سے	سے (بارہ میں)	حالتِ حیض	آپ کہہ دیں	وہ	گندگی	پس تم الگ رہو	عورتیں

اور وہ آپ سے حالتِ حیض کے بارہ میں پوچھتے ہیں، آپ کہہ دیں کہ وہ گندگی ہے، پس تم عورتوں سے الگ رہو

فِي الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ

فِي	الْمَحِيْضِ	وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ	حَتّٰى	يَطْهُرْنَ	فَاِذَا	تَطَهَّرْنَ
میں	حالتِ حیض	اور نہ قریب جاؤ اُن کے	یہانتک کہ	وہ پاک ہو جائیں	پس جب	وہ پاک ہو جائیں

حالتِ حیض میں، اور اُن کے قریب نہ جاؤ یہاں تک کہ وہ پاک ہو جائیں، پس جب وہ پاک ہو جائیں

فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَيُحِبُّ

فَاْتُوْهُنَّ	مِنْ حَيْثُ	اَمَرَكُمُ	اللّٰهُ	اِنَّ	اللّٰهَ	يُحِبُّ	التَّوَّابِيْنَ	وَيُحِبُّ
تو آؤ ان کے پاس	جہاں سے	حکم دیا تمہیں	اللہ	بیشک	اللہ	دوست رکھتا ہے	توبہ کرنے والے	اور دوست رکھتا ہے

تو تم اُن کے پاس آؤ جہاں سے اللہ نے تمہیں حکم دیا ہے، بیشک اللہ دوست رکھتا ہے توبہ کرنے والوں کو اور دوست رکھتا ہے

الْمُتَطَهِّرِيْنَ ۝۲۲۲ نِسَاۗؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۡ

الْمُتَطَهِّرِيْنَ	نِسَاۗؤُكُمْ	حَرْثٌ	لَّكُمْ	فَاْتُوْا	حَرْثَكُمْ	اَنّٰى	شِئْتُمْ
پاک رہنے والے	عورتیں تمہاری	کھیتی	تمہاری	سو تم آؤ	اپنی کھیتی	جہاں سے	تم چاہو

پاک رہنے والوں کو۔ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتی ہیں، پس تم اپنی کھیتی میں آؤ جہاں سے چاہو،

وَقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ۭ وَبَشِّرِ

وَقَدِّمُوْا	لِاَنْفُسِكُمْ	وَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّكُمْ	مُّلٰقُوْهُ	وَبَشِّرِ
اور آگے بھیجو	اپنے لئے	اور ڈرو	اللہ	اور تم جان لو	کہ تم	ملنے والے اس سے	اور خوشخبری دیں

اور اپنے لئے آگے بھیجو (آگے کی تدبیر کرو) اور اللہ سے ڈرو، اور تم جان لو کہ تم اللہ کو ملنے والے ہو، اور خوشخبری دیں

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۲۲۳ وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَ

الْمُؤْمِنِيْنَ	وَلَا تَجْعَلُوْا	اللّٰهَ	عُرْضَةً	لِّاَيْمَانِكُمْ	اَنْ	تَبَرُّوْا	وَ
ایمان والے	اور نہ بناؤ	اللہ	نشانہ	اپنی قسموں کے لئے	کہ	تم حسنِ سلوک کرو	اور

ایمان والوں کو۔ اور اپنی قسموں کے لئے اللہ (کے نام) کو نشانہ نہ بناؤ کہ تم حسنِ سلوک اور

تَتَّقُوْا وَ تُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۴﴾ لَا يُؤَاخِذُكُمُ

تَتَّقُوْا	وَتُصْلِحُوْا	بَيْنَ	النَّاسِ	وَاللّٰهُ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	لَا يُؤَاخِذُكُمُ
پرہیزگاری کرو	اور صلح کراؤ	درمیان	لوگ	اور اللہ	سُننے والا	جاننے والا	نہیں پکڑتا تمہیں

پرہیزگاری اور لوگوں کے درمیان صلح کرانے (سے باز رہو) اور اللہ سننے والا' جاننے والا ہے۔ تمہیں نہیں پکڑتا

اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ۭ

اللّٰهُ	بِاللَّغْوِ	فِيْٓ	اَيْمَانِكُمْ	وَلٰكِنْ	يُّؤَاخِذُكُمْ	بِمَا	كَسَبَتْ	قُلُوْبُكُمْ
اللہ	لغو (بیہودہ)	میں	قسمیں تمہاری	اور لیکن	پکڑتا ہے تمہیں	پر۔جو	کمایا	دل تمہارے

اللہ تمہاری بیہودہ قسموں پر لیکن تمہیں پکڑتا ہے اس پر جو تمہارے دلوں نے کمایا (ارادہ سے کیا)

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾ لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ

وَاللّٰهُ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	لِلَّذِيْنَ	يُؤْلُوْنَ	مِنْ	نِّسَآئِهِمْ	تَرَبُّصُ	اَرْبَعَةِ
اور اللہ	بخشنے والا	بُردبار	ان لوگوں کے لئے جو	قسم کھاتے ہیں	سے	عورتیں اپنی	انتظار	چار

اور اللہ بخشنے والا ، بُردبار ہے۔ ان لوگوں کے لئے جو اپنی عورتوں کے (پاس جانے کی) قسم کھاتے ہیں انتظار کرنا ہے

اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾ وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ

اَشْهُرٍ	فَاِنْ	فَآءُوْ	فَاِنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	رَّحِيْمٌ	وَاِنْ	عَزَمُوا	الطَّلَاقَ	فَاِنَّ
مہینے	پھر اگر	رجوع کرلیں	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا	اور اگر	انہوں نے ارادہ کیا	طلاق	تو بیشک

چار مہینے' پھر اگر وہ رجوع کرلیں تو بیشک اللہ بخشنے والا' رحم کرنے والا ہے۔اور اگر انہوں نے طلاق کا ارادہ کرلیا تو بیشک

اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾ وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ

اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	وَالْمُطَلَّقٰتُ	يَتَرَبَّصْنَ	بِاَنْفُسِهِنَّ	ثَلٰثَةَ
اللہ	خوب سننے والا	جاننے والا	اور طلاق یافتہ عورتیں	انتظار کریں	اپنے تئیں	تین

اللہ خوب سننے والا' جاننے والا ہے۔ اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے تئیں انتظار کریں تین

قُرُوْٓءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ

قُرُوْٓءٍ	وَلَا يَحِلُّ	لَهُنَّ	اَنْ	يَّكْتُمْنَ	مَا	خَلَقَ	اللّٰهُ	فِيْٓ	اَرْحَامِهِنَّ	اِنْ
مدت حیض	اور جائز نہیں	انکے لئے	کہ	وہ چھپائیں	جو	پیدا کیا	اللہ	میں	ان کے رحم (جمع)	اگر

حیض تک' اور ان کے لئے جائز نہیں کہ وہ چھپائیں جو اللہ نے ان کے رحموں میں پیدا کیا' اگر

كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ

كُنَّ يُؤْمِنَّ	بِاللّٰهِ	وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	وَبُعُوْلَتُهُنَّ	اَحَقُّ	بِرَدِّهِنَّ
ایمان رکھتی ہیں	اللہ پر	اور	یوم آخرت	اور خاوند ان کے	زیادہ حقدار	واپسی ان کی

وہ اللہ پر اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہیں۔ اور ان کے خاوند ان کی واپسی کے زیادہ حقدار ہیں

فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ

فِيْ ذٰلِكَ	اِنْ	اَرَادُوْٓا	اِصْلَاحًا	وَلَهُنَّ	مِثْلُ	الَّذِيْ	عَلَيْهِنَّ
اس میں	اگر	وہ چاہیں	بہتری (سلوک)	اور عورتوں کے لئے	جیسے	جو	عورتوں پر (فرض)

اس (مدت) میں اگر وہ بہتری (حسن سلوک) کرنا چاہیں، اور عورتوں کے لئے (حق) ہے جیسے عورتوں پر (مردوں کا) حق ہے

۲۸ ع ۷ ۱۲

بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۲۲۸

بِالْمَعْرُوْفِ	وَلِلرِّجَالِ	عَلَيْهِنَّ	دَرَجَةٌ	وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ
دستور کے مطابق	اور مردوں کے لئے	ان پر	ایک درجہ	اور اللہ	غالب	حکمت والا

دستور کے مطابق، اور مردوں کا ان پر ایک درجہ (برتری) ہے اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔

اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ۭ وَلَا

اَلطَّلَاقُ	مَرَّتٰنِ	فَاِمْسَاكٌۢ	بِمَعْرُوْفٍ	اَوْ	تَسْرِيْحٌۢ	بِاِحْسَانٍ	وَلَا
طلاق	دو بار	پھر روک لینا	دستور کے مطابق	یا	رخصت کرنا	حسن سلوک سے	اور نہیں

طلاق دو بار ہے، پھر روک لینا ہے دستور کے مطابق، یا رخصت کردینا ہے حسن سلوک سے، اور نہیں

يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـــًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ اَلَّا

يَحِلُّ	لَكُمْ	اَنْ	تَاْخُذُوْا	مِمَّآ	اٰتَيْتُمُوْهُنَّ	شَيْـــًٔا	اِلَّآ	اَنْ	يَّخَافَا	اَلَّا
جائز	تمہارے لئے	کہ	تم لے لو	اس سے جو	تم نے دیا ان کو	کچھ	سوائے	کہ	دونوں اندیشہ کریں	کہ نہ

تمہارے لئے جائز کہ جو تم نے انہیں دیا ہے اس سے کچھ واپس لے لو، سوائے اس کے کہ دونوں اندیشہ کریں کہ

يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا جُنَاحَ

يُقِيْمَا	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	اَلَّا يُقِيْمَا	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَلَا جُنَاحَ
وہ قائم رکھ سکیں گے	اللہ کی حدود	پھر اگر	تم ڈرو	کہ وہ قائم نہ رکھ سکیں گے	اللہ کی حدود	تو گناہ نہیں

اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے، پھر اگر تم ڈرو کہ وہ دونوں اللہ کی حدود قائم نہ رکھ سکیں گے تو گناہ نہیں

عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهٖ ۭ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ

عَلَيْهِمَا	فِيمَا	افْتَدَتْ	بِهٖ	تِلْكَ	حُدُوْدُ اللّٰهِ	فَلَا	تَعْتَدُوْهَا	وَمَنْ
ان دونوں پر	اس میں جو	عورت بدلہ دے	اس کا	یہ	اللہ کی حدود	پس نہ	آگے بڑھو اس سے	اور جو

ان دونوں پر کہ عورت اس کا بدلہ (فدیہ) دیدے، یہ اللہ کی حدود ہیں، پس ان کے آگے نہ بڑھو، اور جو

يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۲۲۹ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ

يَتَعَدَّ	حُدُوْدَ اللّٰهِ	فَاُولٰۗىِٕكَ	هُمُ	الظّٰلِمُوْنَ	فَاِنْ	طَلَّقَهَا	فَلَا تَحِلُّ
آگے بڑھتا ہے	اللہ کی حدود	پس وہی لوگ	وہ	ظالم (جمع)	پھر اگر	طلاق دی اس کو	تو جائز نہیں

اللہ کی حدود سے آگے بڑھتا ہے پس وہی لوگ ظالم ہیں۔ پس اگر اس کو طلاق دے دی تو جائز نہیں

لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ۭ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ

لَهٗ	مِنْۢ بَعْدُ	حَتّٰى	تَنْكِحَ	زَوْجًا	غَيْرَهٗ	فَاِنْ	طَلَّقَهَا	فَلَا جُنَاحَ
اسکے لئے	اس کے بعد	یہانتک کہ	وہ نکاح کرلے	خاوند	اس کے علاوہ	پھر اگر	طلاق دیدے اس کو	تو گناہ نہیں

اس کے لئے اس کے بعد یہانتک کہ وہ اس کے علاوہ کسی (دوسرے) خاوند سے نکاح کرلے، پھر اگر وہ اسے طلاق دیدے تو گناہ نہیں

عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۭ وَتِلْكَ

عَلَيْهِمَا	اَنْ	يَّتَرَاجَعَا	اِنْ	ظَنَّا	اَنْ	يُّقِيْمَا	حُدُوْدَ اللّٰهِ	وَتِلْكَ
ان دونوں پر	اگر	وہ رجوع کرلیں	بشرطیکہ	وہ خیال کریں	کہ	وہ قائم رکھیں گے	اللہ کی حدود	اور یہ

ان دونوں پر اگر وہ رجوع کرلیں بشرطیکہ وہ خیال کریں کہ وہ اللہ کی حدود قائم رکھیں گے، اور یہ

حُدُوْدُ اللّٰهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۲۳۰ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ

حُدُوْدُ اللّٰهِ	يُبَيِّنُهَا	لِقَوْمٍ + يَّعْلَمُوْنَ	وَاِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَاۗءَ
اللہ کی حدود	انہیں واضح کرتا ہے	جاننے والوں کے لئے	اور جب	تم طلاق دو	عورتیں

اللہ کی حدود ہیں، وہ انہیں جاننے والوں کے لئے واضح کرتا ہے۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو

فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ ۠ وَّ

فَبَلَغْنَ	اَجَلَهُنَّ	فَاَمْسِكُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ	اَوْ	سَرِّحُوْهُنَّ	بِمَعْرُوْفٍ	وَ
پھر وہ پوری کرلیں	اپنی عدت	تو روکو ان کو	دستور کے مطابق	یا	رخصت کردو	دستور کے مطابق	اور

پھر وہ اپنی عدت پوری کرلیں تو ان کو دستور کے مطابق روکو یا دستور کے مطابق رخصت کردو، اور

لَا تُمْسِكُوْهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ

لَا تُمْسِكُوْهُنَّ	ضِرَارًا	لِّتَعْتَدُوْا	وَمَنْ	يَّفْعَلْ	ذٰلِكَ	فَقَدْ ظَلَمَ	نَفْسَهٗ
تم نہ روکو انہیں	نقصان	تاکہ تم زیادتی کرو	اور جو	کرے گا	یہ	تو بیشک اس نے ظلم کیا	اپنی جان

تم انہیں نقصان پہنچانے کے لئے نہ روکو تاکہ تم زیادتی کرو، اور جو یہ کرے گا بے شک اس نے اپنے اوپر ظلم کیا ‘

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۡ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ

وَلَا	تَتَّخِذُوْا	اٰيٰتِ	اللّٰهِ	هُزُوًا	وَاذْكُرُوْا	نِعْمَتَ	اللّٰهِ	عَلَيْكُمْ	وَمَا
اور نہ	ٹھہراؤ	احکام	اللہ	مذاق	اور یاد کرو	نعمت	اللہ	تم پر	اور جو

اور اللہ کے احکام کو مذاق نہ ٹھہراؤ، اور تم پر جو اللہ کی نعمت ہے اسے یاد کرو، اور جو

اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ

اَنْزَلَ	عَلَيْكُمْ	مِنَ	الْكِتٰبِ	وَالْحِكْمَةِ	يَعِظُكُمْ	بِهٖ	وَاتَّقُوا	اللّٰهَ	وَ
اس نے اتارا	تم پر	سے	کتاب	اور حکمت	وہ نصیحت کرتا ہے تمہیں	اس سے	اور تم ڈرو	اللہ	اور

اس نے تم پر کتاب اور حکمت اتاری، وہ اس سے تمہیں نصیحت کرتا ہے، اور تم اللہ سے ڈرو، اور

۲۹ ع ۳ ۱۳

اعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ

اعْلَمُوْا	اَنَّ	اللّٰهَ	بِكُلِّ	شَيْءٍ	عَلِيْمٌ	وَاِذَا	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	فَبَلَغْنَ
جان لو	کہ	اللہ	ہر	چیز	جاننے والا	اور جب	تم طلاق دو	عورتیں	پھر وہ پوری کرلیں

جان لو کہ اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ اور جب تم عورتوں کو طلاق دے دو پھر وہ پوری کرلیں

اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا

اَجَلَهُنَّ	فَلَا	تَعْضُلُوْهُنَّ	اَنْ	يَّنْكِحْنَ	اَزْوَاجَهُنَّ	اِذَا	تَرَاضَوْا
اپنی مدت (عدت)	تو نہ	روکو انہیں	کہ	وہ نکاح کریں	خاوند اپنے	جب	وہ راضی ہوں

اپنی عدت تو انہیں اپنے خاوندوں سے نکاح کرنے سے نہ روکو، جب وہ راضی ہوں

بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ

بَيْنَهُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	ذٰلِكَ	يُوْعَظُ	بِهٖ	مَنْ	كَانَ	مِنْكُمْ	يُؤْمِنُ	بِاللّٰهِ	وَ
آپس میں	دستور کے مطابق	یہ	نصیحت کی جاتی ہے	اس سے	جو	ہو	تم میں سے	ایمان رکھتا	اللہ پر	اور

آپس میں دستور کے مطابق یہ اس کو نصیحت کی جاتی ہے جو تم میں سے ایمان رکھتا ہے اللہ پر اور

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا

الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	ذٰلِكُمْ	اَزْكٰى	لَكُمْ	وَاَطْهَرُ	وَاللّٰهُ	يَعْلَمُ	وَاَنْتُمْ	لَا
یوم آخرت	یہی	زیادہ ستھرا	تمہارے لئے	اور زیادہ پاکیزہ	اور اللہ	جانتا ہے	اور تم	نہیں

یوم آخرت پر، یہی تمہارے لئے زیادہ ستھرا اور زیادہ پاکیزہ ہے اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں

تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾ وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ

تَعْلَمُوْنَ	وَالْوَالِدٰتُ	يُرْضِعْنَ	اَوْلَادَهُنَّ	حَوْلَيْنِ	كَامِلَيْنِ	لِمَنْ
جانتے	اور مائیں	دودھ پلائیں	اپنی اولاد	دو سال	پورے	جو کوئی

جانتے۔ اور مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال دودھ پلائیں، جو کوئی

اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۭ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ

اَرَادَ	اَنْ يُّتِمَّ	الرَّضَاعَةَ	وَعَلَى	الْمَوْلُوْدِ لَهٗ	رِزْقُهُنَّ	وَكِسْوَتُهُنَّ
چاہے	کہ وہ پوری کرے	دودھ پلانے کی مدت	اور پر	جس کا بچہ (باپ)	ان کا کھانا	اور ان کا لباس

دودھ پلانے کی مدت پوری کرنا چاہے، اور ان (ماؤں) کا کھانا اور ان کا لباس باپ پر (واجب ہے)

بِالْمَعْرُوْفِ ۭ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَاۗرَّ وَالِدَةٌۢ

بِالْمَعْرُوْفِ	لَا تُكَلَّفُ	نَفْسٌ	اِلَّا	وُسْعَهَا	لَا تُضَاۗرَّ	وَالِدَةٌ
دستور کے مطابق	نہیں تکلیف دی جاتی	کوئی شخص	مگر	اس کی وسعت	نہ نقصان پہنچایا جائے	ماں

دستور کے مطابق، اور کسی کو تکلیف نہیں دی جاتی مگر اس کی وسعت (برداشت) کے مطابق، ماں کو نقصان نہ پہنچایا جائے

بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۤ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ

بِوَلَدِهَا	وَلَا	مَوْلُوْدٌ لَّهٗ	بِوَلَدِهٖ	وَعَلَى	الْوَارِثِ	مِثْلُ	ذٰلِكَ
اسکے بچہ کے سبب	اور نہ	جس کا بچہ (باپ)	اسکے بچہ کے سبب	اور پر	وارث	ایسا	یہ۔ اس

اس کے بچہ کے سبب، اور نہ باپ کو اس کے بچہ کے سبب، اور وارث پر بھی ایسا ہی (واجب) ہے،

فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۭ

فَاِنْ	اَرَادَا	فِصَالًا	عَنْ تَرَاضٍ	مِّنْهُمَا	وَتَشَاوُرٍ	فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْهِمَا
پھر اگر	دونوں چاہیں	دودھ چھڑانا	آپس کی رضامندی سے	دونوں سے	اور باہم مشورہ	تو نہیں	گناہ	ان دونوں پر

پھر اگر وہ دونوں دودھ چھڑانا چاہیں آپس کی رضامندی اور مشورہ سے تو دونوں پر کوئی گناہ نہیں،

وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا

وَاِنْ	اَرَدْتُّمْ	اَنْ	تَسْتَرْضِعُوْٓا	اَوْلَادَكُمْ	فَلَاجُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	اِذَا
اور اگر	تم چاہو	کہ	تم دودھ پلاؤ	اپنی اولاد	تو گناہ نہیں	تم پر	جب

اور اگر تم چاہو کہ اپنی اولاد کو دودھ پلاؤ تو تم پر کوئی گناہ نہیں ، جب

سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

سَلَّمْتُمْ	مَآ	اٰتَيْتُمْ	بِالْمَعْرُوْفِ	وَاتَّقُوْا	اللّٰهَ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ
تم حوالہ کردو	جو	تم نے دیا تھا	دستور کے مطابق	اور ڈرو	اللہ	اور جان لو	کہ	اللہ

تم دستور کے مطابق (ان کے) حوالے کردو جو تم نے دینا ٹھہرایا تھا، اور اللہ سے ڈرو اور جان لو کہ اللہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ

بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	وَالَّذِيْنَ	يُتَوَفَّوْنَ	مِنْكُمْ	وَيَذَرُوْنَ
سے-جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	اور جو لوگ	وفات پا جائیں	تم سے	اور چھوڑ جائیں

جو کچھ تم کرتے ہو اسے دیکھنے والا ہے- اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جائیں اور چھوڑ جائیں

اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا

اَزْوَاجًا	يَّتَرَبَّصْنَ	بِاَنْفُسِهِنَّ	اَرْبَعَةَ	اَشْهُرٍ	وَّعَشْرًا	فَاِذَا
بیویاں	وہ انتظار میں رکھیں	اپنے آپ کو	چار	مہینے	اور دس (دن)	پھر جب

بیویاں، وہ (بیوائیں) اپنے کو انتظار میں رکھیں چار ماہ دس دن ، پھر جب

بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ

بَلَغْنَ	اَجَلَهُنَّ	فَلَاجُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا	فَعَلْنَ	فِيْٓ	اَنْفُسِهِنَّ
وہ پہنچ جائیں	اپنی مدت (عدت)	تو نہیں گناہ	تم پر	میں-جو	وہ کریں	میں	اپنی جانیں (اپنے حق)

وہ اپنی مدت کو پہنچ جائیں (عدت پوری کرلیں) تو اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں جو وہ اپنے حق میں کریں

بِالْمَعْرُوْفِ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا

بِالْمَعْرُوْفِ	وَاللّٰهُ	بِمَا تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ	وَلَاجُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْمَا
دستور کے مطابق	اور اللہ	جو تم کرتے ہو اس سے	باخبر	اور نہیں گناہ	تم پر	میں-جو

دستور کے مطابق، اور تم جو کچھ کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے- اور تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں

عَرَّضْتُمْ بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ

عَرَّضْتُمْ	بِهٖ	مِنْ خِطْبَةِ	النِّسَآءِ	اَوْ	اَكْنَنْتُمْ	فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ	عَلِمَ اللّٰهُ
اشارہ میں	اس سے	پیغام نکاح	عورتوں کو	یا	تم چھپاؤ	اپنے دلوں میں	جانتا ہے۔ اللہ

کہ تم عورتوں کو اشارہ کنایہ میں نکاح کا پیغام دو، یا اپنے دلوں میں چھپاؤ، اللہ جانتا ہے

اَنَّكُمْ سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ

اَنَّكُمْ	سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ	وَلٰكِنْ	لَّا تُوَاعِدُوْهُنَّ	سِرًّا	اِلَّآ اَنْ
کہ تم	جلد ذکر کروگے ان سے	اور لیکن	نہ وعدہ کرو ان سے	چھپ کر	مگر یہ کہ

تم جلد اُن سے ذکر کروگے، لیکن اُن سے چھپ کر (نکاح کا) وعدہ نہ کرو، مگر یہ کہ

تَقُوْلُوْا قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ؕ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى

تَقُوْلُوْا	قَوْلًا	مَّعْرُوْفًا	وَلَا	تَعْزِمُوْا	عُقْدَةَ	النِّكَاحِ	حَتّٰى
تم کہو	بات	دستور کے مطابق	اور نہ	ارادہ کرو	گرہ	نکاح	یہانتک

تم دستور کے مطابق بات کرو، اور نکاح کی گرہ باندھنے کا ارادہ نہ کرو، یہاں تک

يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ

يَبْلُغَ	الْكِتٰبُ	اَجَلَهٗ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا	فِيْٓ	اَنْفُسِكُمْ
پہنچ جائے	عدت	اس کی مدت	اور جان لو	کہ	اللہ	جانتا ہے	جو	میں	اپنے دل

عدت اپنی مدت کو پہنچ جائے، اور جان لو کہ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ جانتا ہے

۳۰ ع ۴ ۱۴

فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

فَاحْذَرُوْهُ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	غَفُوْرٌ	حَلِيْمٌ	لَا جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ
سو ڈرو اس سے	اور جان لو	کہ	اللہ	بخشنے والا	تحمل والا	نہیں گناہ	تم پر

سو تم اس سے ڈرو، اور جان لو کہ اللہ بخشنے والا، تحمل والا ہے ۔ تم پر کوئی گناہ نہیں

اِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۚۖ

اِنْ	طَلَّقْتُمُ	النِّسَآءَ	مَا لَمْ	تَمَسُّوْهُنَّ	اَوْ	تَفْرِضُوْا	لَهُنَّ	فَرِيْضَةً
اگر	تم طلاق دو	عورتیں	جو نہ	تم نے انہیں ہاتھ لگایا	یا	مقرر کیا	ان کے لئے	مہر

اگر تم عورتوں کو طلاق دو جبکہ تم نے انہیں ہاتھ نہ لگایا ہو، یا اُن کے لئے مہر مقرر نہ کیا ہو،

وَّمَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا ۢ

وَمَتِّعُوْهُنَّ	عَلَى	الْمُوْسِعِ	قَدَرُهٗ	وَعَلَى	الْمُقْتِرِ	قَدَرُهٗ	مَتَاعًا
اور انہیں خرچ دو	پر	خوش حال	اس کی حیثیت	اور پر	تنگدست	اس کی حیثیت	خرچ

اور انہیں خرچ دو، خوشحال پر اس کی حیثیت کے مطابق ، اور تنگدست پر اس کی حیثیت کے مطابق خرچ

بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾ وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ

بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى	الْمُحْسِنِيْنَ	وَاِنْ	طَلَّقْتُمُوْهُنَّ	مِنْ قَبْلِ
دستور کے مطابق	لازم	پر	نیکوکار	اور اگر	تم انہیں طلاق دو	پہلے

دستور کے مطابق (دینا)، نیکوکاروں پر لازم ہے - اور اگر تم انہیں طلاق دو اس سے پہلے

اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا

اَنْ	تَمَسُّوْهُنَّ	وَقَدْ + فَرَضْتُمْ	لَهُنَّ	فَرِيْضَةً	فَنِصْفُ	مَا
کہ	انہیں ہاتھ لگاؤ	اور تم مقرر کر چکے ہو	ان کے لئے	مہر	تو نصف	جو

کہ تم نے انہیں ہاتھ لگایا ہو اور ان کے لئے تم مہر مقرر کر چکے ہو تو اس کا نصف (دیدو) جو

فَرَضْتُمْ اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِىْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ

فَرَضْتُمْ	اِلَّآ	اَنْ	يَّعْفُوْنَ	اَوْ	يَعْفُوَا	الَّذِىْ	بِيَدِهٖ	عُقْدَةُ النِّكَاحِ
تم نے مقرر کیا	سوائے	یہ کہ	وہ معاف کردیں	یا	معاف کردے	وہ جو	اس کے ہاتھ میں	نکاح کی گرہ

تم نے مقرر کیا، سوائے اس کے کہ وہ معاف کردیں، یا وہ (وارث) معاف کردے جس کے ہاتھ میں عقدۂ نکاح ہے

وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ

وَ	اَنْ	تَعْفُوْٓا	اَقْرَبُ	لِلتَّقْوٰى	وَلَا تَنْسَوُا	الْفَضْلَ	بَيْنَكُمْ
اور	اگر	تم معاف کردو	زیادہ قریب	پرہیزگاری کے	اور نہ بھولو	احسان کرنا	باہم

اور اگر تم معاف کردو تو یہ پرہیزگاری کے قریب تر ہے اور باہم احسان کرنا نہ بھولو ،

اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾ حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ

اِنَّ	اللّٰهَ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	بَصِيْرٌ	حٰفِظُوْا	عَلَى + الصَّلَوٰتِ	وَ	الصَّلٰوةِ
بیشک	اللہ	اس سے جو	تم کرتے ہو	دیکھنے والا	تم حفاظت کرو	نمازوں کی	اور	نماز

بیشک جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے دیکھنے والا ہے - تم نمازوں کی حفاظت کرو (خصوصًا) درمیانی

الْوُسْطٰى ق وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿٢٣٨﴾ فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ

الْوُسْطٰى	وَ	قُوْمُوْا	لِلّٰهِ	قٰنِتِيْنَ	فَاِنْ	خِفْتُمْ	فَرِجَالًا	اَوْ
درمیانی نماز	اور	کھڑے رہو	اللہ کے لئے	فرمانبردار (جمع)	پھر اگر	تمہیں ڈر ہو	تو پیادہ پا	یا

نماز کی اور اللہ کے لئے فرمانبردار (بن کر) کھڑے رہو۔ پھر اگر تمہیں ڈر ہو تو پیادہ پا یا

رُكْبَانًا ج فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا

رُكْبَانًا	فَاِذَا	اَمِنْتُمْ	فَاذْكُرُوْا	اللّٰهَ	كَمَا	عَلَّمَكُمْ	مَّا	لَمْ تَكُوْنُوْا
سوار	پھر جب	تم امن پاؤ	تو یاد کرو	اللہ	جیسا کہ	اس نے تمہیں سکھایا	جو	تم نہ تھے

سوار (ادا کرو) پھر جب امن پاؤ تو اللہ کو یاد کرو جیسا کہ اس نے تمہیں سکھایا ہے جو تم

تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٣٩﴾ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ج صلے

تَعْلَمُوْنَ	وَالَّذِيْنَ	يُتَوَفَّوْنَ	مِنْكُمْ	وَيَذَرُوْنَ	اَزْوَاجًا
جانتے	اور جو لوگ	وفات پا جائیں	تم میں سے	اور وہ چھوڑ جائیں	بیویاں

نہ جانتے تھے۔ اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں

وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ج فَاِنْ خَرَجْنَ

وَّصِيَّةً	لِّاَزْوَاجِهِمْ	مَّتَاعًا	اِلَى	الْحَوْلِ	غَيْرَ	اِخْرَاجٍ	فَاِنْ	خَرَجْنَ
وصیت	اپنی بیویوں کے لئے	نان نفقہ	تک	ایک سال	بغیر	نکالے	پھر اگر	وہ نکل جائیں

تو اپنی بیویوں کے لئے ایک سال تک نان نفقہ کی وصیت کریں نکالے بغیر، پھر اگر وہ خود نکل جائیں

فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ط

فَلَا	جُنَاحَ	عَلَيْكُمْ	فِيْ	مَا فَعَلْنَ	فِيْٓ	اَنْفُسِهِنَّ	مِنْ	مَّعْرُوْفٍ
تو نہیں	گناہ	تم پر	میں	جو وہ کریں	میں	اپنے تئیں	سے	دستور

تو تم پر کوئی گناہ نہیں جو وہ اپنے تئیں دستور کے مطابق کریں،

وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿٢٤٠﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌ ۢ بِالْمَعْرُوْفِ ط حَقًّا عَلَى

وَاللّٰهُ	عَزِيْزٌ	حَكِيْمٌ	وَلِلْمُطَلَّقٰتِ	مَتَاعٌ	بِالْمَعْرُوْفِ	حَقًّا	عَلَى
اور اللہ	غالب	حکمت والا	اور مطلقہ عورتوں کے لئے	نان نفقہ	دستور کے مطابق	لازم	پر

اور اللہ غالب، حکمت والا ہے۔ اور مطلقہ عورتوں کے لئے دستور کے مطابق نان نفقہ لازم ہے

الْمُتَّقِيْنَ ﴿٢٤١﴾ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٤٢﴾ ع

الْمُتَّقِيْنَ	كَذٰلِكَ	يُبَيِّنُ	اللّٰهُ	لَكُمْ	اٰيٰتِهٖ	لَعَلَّكُمْ	تَعْقِلُوْنَ
پرہیزگار (جمع)	اسی طرح	واضح کرتا ہے	اللہ	تمہارے لئے	اپنے احکام	تاکہ تم	سمجھو

پرہیزگاروں پر - اسی طرح تمہارے لئے اللہ اپنے احکام واضح کرتا ہے، تاکہ تم سمجھو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ

اَلَمْ تَرَ	اِلَى	الَّذِيْنَ	خَرَجُوْا	مِنْ	دِيَارِهِمْ	وَهُمْ	اُلُوْفٌ	حَذَرَ
کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	وہ لوگ جو	نکلے	سے	اپنے گھر (جمع)	اور وہ	ہزاروں	ڈر

کیا تم نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا؟ جو اپنے گھروں سے نکلے موت کے ڈر سے، اور وہ ہزاروں تھے،

الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ اَحْيَاهُمْ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ

الْمَوْتِ	فَقَالَ	لَهُمُ	اللّٰهُ	مُوْتُوْا	ثُمَّ	اَحْيَاهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	لَذُوْ فَضْلٍ
موت	سو کہا	انہیں	اللہ	تم مرجاؤ	پھر	انہیں زندہ کیا	بیشک	اللہ	فضل والا

سو اللہ نے انہیں کہا تم مرجاؤ، پھر انہیں زندہ کیا، بیشک اللہ فضل والا ہے

عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٢٤٣﴾ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ

عَلَى النَّاسِ	وَلٰكِنَّ	اَكْثَرَ	النَّاسِ	لَا يَشْكُرُوْنَ	وَقَاتِلُوْا	فِيْ	سَبِيْلِ
لوگوں پر	اور لیکن	اکثر	لوگ	شکر ادا نہیں کرتے	اور تم لڑو	میں	راستہ

لوگوں پر، لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔ اور تم اللہ کے راستہ میں لڑو

اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٤٤﴾ مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ

اللّٰهِ	وَاعْلَمُوْٓا	اَنَّ	اللّٰهَ	سَمِيْعٌ	عَلِيْمٌ	مَنْ	ذَا	الَّذِيْ	يُقْرِضُ	اللّٰهَ
اللہ	اور جان لو	کہ	اللہ	سننے والا	جاننے والا	کون	وہ	جو کہ	قرض دے	اللہ

اور جان لو کہ اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔ کون ہے جو اللہ کو قرض دے

قَرْضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ

قَرْضًا حَسَنًا	فَيُضٰعِفَهٗ	لَهٗ	اَضْعَافًا	كَثِيْرَةً	وَاللّٰهُ	يَقْبِضُ	وَيَبْصُۜطُ
قرض اچھا	پس وہ اسے بڑھادے	اسکے لئے	کئی گنا	زیادہ	اور اللہ	تنگی کرتا ہے	اور فراخی کرتا ہے

اچھا قرض، پھر وہ اسے کئی گنا زیادہ بڑھادے، اللہ تنگی (بھی) دیتا ہے اور فراخی (بھی) دیتا ہے

وَ اِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمۡ تَرَ اِلَى الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ مِنۡۢ

وَ اِلَيۡهِ	تُرۡجَعُوۡنَ	اَلَمۡ تَرَ	اِلَى	الۡمَلَاِ	مِنۡ	بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ	مِنۡ
اور اس کی طرف	تم لوٹائے جاؤ گے	کیا تم نے نہیں دیکھا	طرف	جماعت	سے	بنی اسرائیل	سے

اور اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ۔ کیا تم نے بنی اسرائیل کی ایک جماعت کی طرف نہیں دیکھا ؟

بَعۡدِ مُوۡسٰى ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِىٍّ لَّهُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلۡ

بَعۡدِ	مُوۡسٰى	اِذۡ	قَالُوۡا	لِنَبِىٍّ لَّهُمُ	ابۡعَثۡ	لَنَا	مَلِكًا	نُقَاتِلۡ
بعد	موسے	جب	انہوں نے کہا	اپنے نبی سے	مقرر کر دیں	ہمارے لئے	ایک بادشاہ	ہم لڑیں

موسیٰ کے بعد، جب انہوں نے اپنے نبی سے کہا ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر دیں تا کہ ہم لڑیں

فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ‌ؕ قَالَ هَلۡ عَسَيۡتُمۡ اِنۡ كُتِبَ عَلَيۡكُمُ الۡقِتَالُ

فِىۡ	سَبِيۡلِ اللّٰهِ	قَالَ	هَلۡ	عَسَيۡتُمۡ	اِنۡ	كُتِبَ عَلَيۡكُمُ	الۡقِتَالُ
میں	اللہ کا راستہ	اس نے کہا	کیا	ہو سکتا ہے تم	اگر	تم پر فرض کی جائے	جنگ

اللہ کے راستہ میں ، اس نے کہا ہو سکتا ہے کہ اگر تم پر جنگ فرض کی جائے

اَلَّا تُقَاتِلُوۡا ‌ؕ قَالُوۡا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ وَقَدۡ

اَلَّا تُقَاتِلُوۡا	قَالُوۡا	وَمَا لَنَا	اَلَّا	نُقَاتِلَ	فِىۡ	سَبِيۡلِ اللّٰهِ	وَقَدۡ
کہ تم نہ لڑو	وہ کہنے لگے	اور ہمیں کیا	کہ نہ	ہم لڑیں گے	میں	اللہ کی راہ	اور البتہ

تو تم نہ لڑو ، وہ کہنے لگے اور ہمیں کیا ہوا کہ ہم اللہ کی راہ میں نہ لڑیں گے ، اور البتہ

اُخۡرِجۡنَا مِنۡ دِيَارِنَا وَ اَبۡنَآٮِٕنَا ‌ؕ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيۡهِمُ الۡقِتَالُ

اُخۡرِجۡنَا	مِنۡ	دِيَارِنَا	وَ	اَبۡنَآٮِٕنَا	فَلَمَّا	كُتِبَ عَلَيۡهِمُ	الۡقِتَالُ
ہم نکالے گئے	سے	اپنے گھر	اور	اپنی آل اولاد	پھر جب	ان پر فرض کی گئی	جنگ

ہم اپنے گھروں سے اور اپنی آل اولاد سے نکالے گئے ہیں، پھر جب ان پر جنگ فرض کی گئی

تَوَلَّوۡا اِلَّا قَلِيۡلًا مِّنۡهُمۡ‌ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِالظّٰلِمِيۡنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ

تَوَلَّوۡا	اِلَّا	قَلِيۡلًا	مِنۡهُمۡ	وَاللّٰهُ	عَلِيۡمٌ	بِالظّٰلِمِيۡنَ	وَقَالَ
وہ پھر گئے	سوائے	چند	ان میں سے	اور اللہ	جاننے والا	ظالموں کو	اور کہا

تو ان میں سے چند ایک کے سوا (سب) پھر گئے ، اور اللہ ظالموں کو جاننے والا ہے۔ اور کہا

لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ؕ قَالُوْۤا اَنّٰى يَكُوْنُ

لَهُمْ	نَبِيُّهُمْ	اِنَّ	اللّٰهَ	قَدْ بَعَثَ	لَكُمْ	طَالُوْتَ	مَلِكًا	قَالُوْۤا	اَنّٰى	يَكُوْنُ
انہیں	ان کا نبی	بیشک	اللہ	مقرر کر دیا ہے	تمہارے لئے	طالوت	بادشاہ	وہ بولے	کیسے	ہو سکتی ہے

انہیں ان کے نبی نے بیشک اللہ نے تمہارے لئے طالوت کو بادشاہ مقرر کر دیا ہے، وہ بولے کیسے

لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً

لَهُ	الْمُلْكُ	عَلَيْنَا	وَنَحْنُ	اَحَقُّ	بِالْمُلْكِ	مِنْهُ	وَلَمْ يُؤْتَ	سَعَةً
اس کے لئے	بادشاہت	ہم پر	اور ہم	زیادہ حقدار	بادشاہت کے	اس سے	اور نہیں دی گئی	وسعت

ہم پر اس کی بادشاہت ہو سکتی ہے؟ ہم اس سے زیادہ بادشاہت کے حقدار ہیں، اور اسے وسعت نہیں دی گئی

مِّنَ الْمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ بَسْطَةً

مِنَ	الْمَالِ	قَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	اصْطَفٰىهُ	عَلَيْكُمْ	وَزَادَهٗ	بَسْطَةً
سے	مال	اس نے کہا	بیشک	اللہ	اسے چن لیا	تم پر	اور اسے زیادہ دی	وسعت

مال سے، اس نے کہا بیشک اللہ نے اسے تم پر چن لیا ہے اور اسے زیادہ وسعت دی ہے

فِى الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤْتِىْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

فِى	الْعِلْمِ	وَالْجِسْمِ	وَاللّٰهُ	يُؤْتِىْ	مُلْكَهٗ	مَنْ	يَّشَآءُ	وَاللّٰهُ	وَاسِعٌ
میں	علم	اور جسم	اور اللہ	دیتا ہے	اپنا ملک	جسے	چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا

علم اور جسم میں، اور اللہ جسے چاہتا ہے اپنا ملک دیتا ہے، اور اللہ وسعت والا

عَلِيْمٌ ﴿۲۴۷﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖۤ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ

عَلِيْمٌ	وَقَالَ	لَهُمْ	نَبِيُّهُمْ	اِنَّ	اٰيَةَ	مُلْكِهٖ	اَنْ	يَّاْتِيَكُمُ	التَّابُوْتُ
جاننے والا	اور کہا	انہیں	ان کا نبی	بیشک	نشانی	اسکی حکومت	کہ	آئیگا تمہارے پاس	تابوت

جاننے والا ہے - اور انہیں ان کے نبی نے کہا بیشک اس کی حکومت کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس تابوت آئے گا

فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ

فِيْهِ	سَكِيْنَةٌ	مِّنْ	رَّبِّكُمْ	وَبَقِيَّةٌ	مِّمَّا	تَرَكَ	اٰلُ مُوْسٰى	وَ	اٰلُ هٰرُوْنَ
اس میں	سامانِ تسکین	سے	تمہارا رب	اور بچی ہوئی	اس سے جو	چھوڑا	آلِ موسیٰ	اور	آلِ ہارون

اس میں تمہارے رب کی طرف سے سامانِ تسکین ہوگا اور بچی ہوئی چیزیں جو آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون نے چھوڑی تھیں

تَحۡمِلُهُ الۡمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ﴿٢٤٨﴾ ع

تَحۡمِلُهُ	الۡمَلٰٓئِكَةُ	اِنَّ	فِىۡ ذٰلِكَ	لَاٰيَةً	لَّكُمۡ	اِنۡ	كُنۡتُمۡ	مُّؤۡمِنِيۡنَ
اٹھائیں گے اسے	فرشتے	بیشک	اس میں	نشانی	تمہارے لئے	اگر	تم	ایمان والے

اسے فرشتے اٹھالائیں گے، بیشک اس میں تمہارے لئے نشانی ہے، اگر تم ایمان والے ہو۔

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوۡتُ بِالۡجُنُوۡدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبۡتَلِيۡكُمۡ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنۡ

فَلَمَّا	فَصَلَ	طَالُوۡتُ	بِالۡجُنُوۡدِ	قَالَ	اِنَّ	اللّٰهَ	مُبۡتَلِيۡكُمۡ	بِنَهَرٍ	فَمَنۡ
پھر جب	باہر نکلا	طالوت	لشکر کے ساتھ	اس نے کہا	بیشک	اللہ	تمہاری آزمائش کرنیوالا	ایک نہر سے	پس جس

پھر جب طالوت لشکر کے ساتھ باہر نکلا، اس نے کہا بیشک اللہ ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنیوالا ہے، پس جس نے

شَرِبَ مِنۡهُ فَلَيۡسَ مِنِّىۡ ۚ وَمَنۡ لَّمۡ يَطۡعَمۡهُ فَاِنَّهٗ مِنِّىۡۤ اِلَّا مَنِ

شَرِبَ	مِنۡهُ	فَلَيۡسَ	مِنِّىۡ	وَمَنۡ	لَّمۡ يَطۡعَمۡهُ	فَاِنَّهٗ	مِنِّىۡۤ	اِلَّا	مَنِ
پی لیا	اس سے	تو نہیں	مجھ سے	اور جس	اسے نہ چکھا	تو بیشک وہ	مجھ سے	سوائے	جو

اس سے (پانی) پی لیا وہ مجھ سے نہیں، اور جس نے اسے نہ چکھا وہ بیشک مجھ سے ہے، سوائے اس کے جو

اغۡتَرَفَ غُرۡفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوۡا مِنۡهُ اِلَّا قَلِيۡلًا مِّنۡهُمۡ ؕ فَلَمَّا

اغۡتَرَفَ	غُرۡفَةًۢ	بِيَدِهٖ	فَشَرِبُوۡا	مِنۡهُ	اِلَّا	قَلِيۡلًا	مِّنۡهُمۡ	فَلَمَّا
چلّو بھرلے	ایک چلّو	اپنے ہاتھ سے	پھر انہوں نے پی لیا	اس سے	سوائے	چند ایک	ان سے	پس جب

اپنے ہاتھ سے ایک چلّو بھرلے، پھر چند ایک کے سوا انہوں نے اسے پی لیا ، پس جب

جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا مَعَهٗ ۙ قَالُوۡا لَا طَاقَةَ لَنَا الۡيَوۡمَ

جَاوَزَهٗ	هُوَ	وَالَّذِيۡنَ	اٰمَنُوۡا	مَعَهٗ	قَالُوۡا	لَا طَاقَةَ	لَنَا	الۡيَوۡمَ
اس کے پار ہوئے	وہ	اور وہ جو	ایمان لائے	اسکے ساتھ	انہوں نے کہا	نہیں طاقت	ہمارے لئے	آج

وہ (طالوت) اور جو اس کے ساتھ ایمان لائے تھے اس کے پار ہوئے، انہوں نے کہا آج ہمیں طاقت نہیں

بِجَالُوۡتَ وَجُنُوۡدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيۡنَ يَظُنُّوۡنَ اَنَّهُمۡ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمۡ

بِجَالُوۡتَ	وَجُنُوۡدِهٖ	قَالَ	الَّذِيۡنَ	يَظُنُّوۡنَ	اَنَّهُمۡ	مُّلٰقُوا	اللّٰهِ	كَمۡ
جالوت کے ساتھ	اور اس کا لشکر	کہا	جو لوگ	یقین رکھتے تھے	کہ وہ	ملنے والے	اللہ	بارہا

جالوت اور اس کے لشکر کے ساتھ (مقابلہ کی)، جو لوگ یقین رکھتے تھے کہ وہ اللہ سے ملنے والے ہیں انہوں نے کہا، بارہا

مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ

مِّنْ	فِئَةٍ	قَلِيْلَةٍ	غَلَبَتْ	فِئَةً	كَثِيْرَةً	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ اللّٰهُ
سے	جماعتیں	چھوٹی	غالب ہوئیں	جماعتیں	بڑی	اللہ کے حکم سے	اور اللہ

چھوٹی جماعتیں غالب ہوئی ہیں اللہ کے حکم سے بڑی جماعتوں پر ، اور اللہ

مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾ وَ لَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَ جُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَآ

مَعَ	الصّٰبِرِيْنَ	وَ لَمَّا	بَرَزُوْا	لِجَالُوْتَ	وَ جُنُوْدِهٖ	قَالُوْا	رَبَّنَآ
ساتھ	صبر کرنے والے	اور جب	آمنے سامنے ہوئے	جالوت کے	اور اس کا لشکر	انہوں نے کہا	اے ہمارے رب

صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔ اور جب جالوت اور اس کے لشکر کے آمنے سامنے ہوئے تو انہوں نے کہا اے ہمارے رب!

اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

اَفْرِغْ	عَلَيْنَا	صَبْرًا	وَّ ثَبِّتْ	اَقْدَامَنَا	وَانْصُرْنَا	عَلَى	الْقَوْمِ
ڈال دے	ہم پر	صبر	اور جما دے	ہمارے قدم	اور ہماری مدد کر	پر	قوم

ہمارے (دلوں میں) صبر ڈال دے، اور ہمارے قدم جما دے، اور ہماری مدد کر قوم

الْكٰفِرِيْنَ ؕ﴿۲۵۰﴾ فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ۫ وَ قَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ

الْكٰفِرِيْنَ	فَهَزَمُوْهُمْ	بِاِذْنِ اللّٰهِ	وَ	قَتَلَ	دَاوٗدُ	جَالُوْتَ
کافر (جمع)	پھر انہوں نے شکست دی انہیں	اللہ کے حکم سے	اور	قتل کیا	داؤد	جالوت

کافروں پر۔ پھر انہوں نے اللہ کے حکم سے انہیں شکست دی اور داؤد نے جالوت کو قتل کیا،

وَ اٰتٰهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَ الْحِكْمَةَ وَ عَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَ لَوْ لَا

وَ اٰتٰهُ	اللّٰهُ	الْمُلْكَ	وَ الْحِكْمَةَ	وَ عَلَّمَهٗ	مِمَّا	يَشَآءُ	وَ لَوْ	لَا
اور اسے دیا	اللہ	مُلک	اور حکمت	اور اسے سکھایا	جو	چاہا	اور اگر	نہ

اور اللہ نے اسے مُلک اور حکمت عطا کی، اور اسے سکھایا جو چاہا ، اور اگر

دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ وَ

دَفْعُ	اللّٰهِ	النَّاسَ	بَعْضَهُمْ	بِبَعْضٍ	لَّفَسَدَتِ	الْاَرْضُ	وَ
ہٹاتا	اللہ	لوگ	بعض لوگ	بعض کے ذریعہ	ضرور تباہ ہوجاتی	زمین	اور

اللہ نہ ہٹاتا بعض لوگوں کو بعض لوگوں کے ذریعہ، تو زمین ضرور تباہ ہو جاتی اور

لٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ

لٰكِنَّ	اللّٰهَ	ذُوْ فَضْلٍ	عَلَى	الْعٰلَمِيْنَ	تِلْكَ	اٰيٰتُ اللّٰهِ
لیکن	اللہ	فضل والا	پر	تمام جہان	یہ	اللہ کے احکام

لیکن اللہ تمام جہانوں پر فضل والا ہے - یہ اللہ کے احکام ہیں

نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

نَتْلُوْهَا	عَلَيْكَ	بِالْحَقِّ	وَاِنَّكَ	لَمِنَ	الْمُرْسَلِيْنَ
ہم سناتے ہیں وہ	آپ پر	ٹھیک ٹھیک	اور بیشک آپ	ضرور سے	رسول (جمع)

ہم وہ آپ کو ٹھیک ٹھیک سناتے ہیں اور بے شک آپ ضرور رسولوں میں سے ہیں -